یونٹ 5

# سافٹ ویئر سسٹمز

**اس باب کا مطالعہ کرنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ:**

- سسٹم سافٹ ویئر کی اہمیت کو جان سکیں اور اس کو بیان کر سکیں۔
- سسٹم سافٹ ویئر کا کردار اور اس کے افعال جان سکیں۔
- سمجھ سکیں کہ سسٹم سافٹ ویئر کیسے ہارڈ ویئر ریسورسز کو مینیج کرتا ہے، صارفین کو کیسے انٹرفیس مہیا کرتا ہے اور ایپلی کیشنز کو چلاتا ہے۔
- جان سکیں کہ یوٹیلٹی سافٹ ویئر سسٹم کی کارکردگی، اس کی سکیورٹی اور نگہداشت کو کیسے بڑھاتا ہے۔
- جان سکیں کہ ڈیوائس ڈرائیور کیسے ہارڈ ویئر ڈیوائسز اور سسٹم سافٹ ویئر کے درمیان رابطہ کرواتا ہے۔
- عام طور پر استعمال ہونے والے ایپلی کیشن سافٹ ویئرز مثلاً: ورڈ پروسیسنگ، سپریڈ شیٹ اور گرافک ڈیزائننگ کی اہم خصوصیات جان سکیں۔
- سسٹم سافٹ ویئر اور ایپلی کیشن سافٹ ویئر کے درمیان کردار/افعال کی بنیاد پر فرق کر سکیں۔
- سسٹم کی کارکردگی بڑھانے کے لیے یوٹیلٹی سافٹ ویئر اور ٹولز کا استعمال کر سکیں۔
- عام طور پر استعمال ہونے والے ایپلی کیشن سافٹ ویئر کو جیسا کہ ورڈ پروسیسنگ، سپریڈ شیٹ اور پریزینٹیشن بنانے والا سافٹ ویئر (پاور پوائنٹ) کا استعمال کر سکیں۔

## انشائی طرز سوالات

نظام تعلیم کی نئی امتحانی تکنیکس (Knowledge, Understanding, Application, Analytical & Conceptual) کی روشنی میں مرتب کیے گئے انشائی طرز سوالات

### 5.1 سافٹ ویئر

**سوال 1: سسٹم سافٹ ویئر اور ایپلی کیشن سافٹ ویئر میں کیا فرق ہے؟ ہر ایک کی مثالیں دیں اور ان کے مقصد، انسٹالیشن اور ایک دوسرے کے ساتھ تعامل کو واضح کریں۔**

**جواب: سافٹ ویئر:** سافٹ ویئر وہ پروگرامز اور ہدایات کا مجموعہ ہوتا ہے جو کمپیوٹر کو بتاتے ہیں کہ اسے کیا اور کیسے کرنا ہے۔ اگر سافٹ ویئر نہ ہو تو کمپیوٹر بیکار ہو جائے گا۔

**سافٹ ویئر کی اقسام:**

1- **سسٹم سافٹ ویئر:** یہ وہ سافٹ ویئر ہوتا ہے جو کمپیوٹر کے سسٹم کو چلانے اور اس کے وسائل کو منظم کرنے کے لیے بنایا جاتا ہے۔ یہ ہارڈ ویئر اور یوزر ایپلی کیشنز کے درمیان پل کا کام کرتا ہے۔

**مثالیں:**

**آپریٹنگ سسٹم:** جیسے مائیکروسافٹ ونڈوز، میک او ایس، اور لینکس۔

**ڈیوائس ڈرائیورز:** جیسے پرنٹر ڈرائیور، گرافکس کارڈ ڈرائیور، اور ساؤنڈ کارڈ ڈرائیور۔

**یوٹیلٹی پروگرامز:** جیسے اینٹی وائرس سافٹ ویئر، ڈسک کلین اپ ٹولز، اور بیک اپ سافٹ ویئر۔

2- **ایپلی کیشن سافٹ ویئر:** یہ وہ سافٹ ویئر ہوتا ہے جو صارفین کو مخصوص کام انجام دینے میں مدد دیتا ہے۔

مثالیں:

ورڈ پروسیسر: جیسے مائیکروسافٹ ورڈ اور گوگل ڈاکس۔

ویب براؤزر: جیسے گوگل کروم، موزیلا فائر فاکس، اور سفاری۔

گیمز: جیسے مائن کرافٹ، فورٹ نائٹ، اور امنگ اَس۔

میڈیا پلیئرز: جیسے وی ایل سی میڈیا پلیئر اور ونڈوز میڈیا پلیئر۔

## 5.2 سسٹم سافٹ ویئر کا تعارف

**سوال 2: آپریٹنگ سسٹم ہارڈ ویئر وسائل کا انتظام کیسے کرتا ہے اور صارف کو انٹرفیس کیسے فراہم کرتا ہے؟ متعلقہ مثالوں کے ساتھ وضاحت کریں۔**

**جواب: سسٹم سافٹ ویئر کا تعارف**

سسٹم سافٹ ویئر کمپیوٹر کے درست کام کرنے کے لیے ضروری ہوتا ہے۔ یہ ہارڈ ویئر اور صارف کے درمیان پل کا کام کرتا ہے اور کمپیوٹر کے تمام اجزا کو آپس میں مربوط کرتا ہے تاکہ سافٹ ویئر بہتر طریقے سے کام کر سکے۔

**آپریٹنگ سسٹم (OS-Operating System):** آپریٹنگ سسٹم سسٹم سافٹ ویئر کی ایک قسم ہے جو کمپیوٹر کے تمام ہارڈ ویئر اور سافٹ ویئر کو منظم کرتا ہے۔ یہ صارف اور کمپیوٹر کے درمیان ایک انٹرفیس فراہم کرتا ہے، جس کے ذریعے صارف کمپیوٹر کو چلا سکتا ہے۔

stepacademyofficial.com



**عام آپریٹنگ سسٹمز:**

1- ونڈوز: مائیکروسافٹ کا ایک مشہور OS جو زیادہ تر کمپیوٹرز پر استعمال ہوتا ہے۔

2- میک او ایس: ایپل کے کمپیوٹرز کے لیے مخصوص آپریٹنگ سسٹم۔

3- لینکس: ایک اوپن سورس OS جو سرورز اور ڈیسک ٹاپ کمپیوٹرز کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

4- اینڈرائیڈ: گوگل کا بنایا ہوا OS جو موبائل فونز اور ٹیبلٹس کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

5- آئی او ایس: ایپل کا بنایا ہوا موبائل آپریٹنگ سسٹم جو آئی فون اور آئی پیڈ کے لیے مخصوص ہے۔

**آپریٹنگ سسٹم کے اہم کام**

1- **ہارڈ ویئر وسائل کا انتظام:** آپریٹنگ سسٹم کمپیوٹر کے ہارڈ ویئر کو سنبھالتا ہے، جیسے کہ سی پی یو (CPU)، میموری (Memory)، ڈسک ڈرائیوز اور پرنٹرز وغیرہ۔

**مثال:** اگر آپ کمپیوٹر پر ویب براؤزر کھول کر ساتھ میں میوزک سنتے ہیں، تو آپریٹنگ سسٹم دونوں پروگراموں کو مناسب میموری اور سی پی یو وقت فراہم کرتا ہے تاکہ دونوں صحیح طریقے سے کام کریں۔

2- صارف کے لیے انٹرفیس فراہم کرنا: آپریٹنگ سسٹم صارف کو کمپیوٹر استعمال کرنے کے لیے ایک انٹرفیس فراہم کرتا ہے۔

دو اقسام:

1- گرافیکل یوزر انٹرفیس (GUI): جس میں آئیکنز، مینو اور ونڈوز ہوتے ہیں، جیسے کہ ونڈوز اور میک او ایس۔

2- کمانڈ لائن انٹرفیس (CLI): جس میں صارف کو ٹائپ کر کے ہدایات دینی پڑتی ہیں، جیسے کہ لینکس اور DOS۔

**مثال:** مائیکروسافٹ ونڈوز اور میک او ایس میں صارف آئیکنز پر کلک کر کے فائلز کھول سکتا ہے، جبکہ CLI میں صارف کو dir لکھ کر فائل لسٹ دیکھنی پڑتی ہے۔



3- **ایپلی کیشنز کو چلانا:**

آپریٹنگ سسٹم ایپلی کیشن سافٹ ویئر کو چلانے کے لیے ضروری وسائل فراہم کرتا ہے، جیسے کہ میموری، اسٹوریج، اور پروسیسنگ پاور۔

**مثال:** جب آپ مائیکروسوفٹ ورڈ Microsoft Word کھولتے ہیں، تو OS آپریٹنگ سسٹم اس پروگرام کو میموری میں لوڈ کرتا ہے اور اسے چلانے کے لیے ضروری وسائل فراہم کرتا ہے۔ اگر آپ ایک ساتھ کئی پروگرام کھولیں، تو OS آپریٹنگ سسٹم وسائل کو اس طرح تقسیم کرتا ہے کہ تمام پروگرام صحیح طریقے سے چل سکیں۔

**سوال 3: کمپیوٹر سسٹم کی مؤثر کارکردگی اور بہتر انتظام کے لیے یوٹیلیٹی پروگرامز کی اہمیت پر تبصرہ کریں۔**

**جواب: یوٹیلیٹی پروگرامز:**

یوٹیلیٹی پروگرامز سسٹم سافٹ ویئر کا اہم حصہ ہوتے ہیں جو کمپیوٹر کی کارکردگی کو بہتر بناتے ہیں۔ یہ پروگرام ہارڈ ویئر، سافٹ ویئر، اور ڈیٹا کو مؤثر طریقے سے منظم کرنے میں مدد دیتے ہیں۔ درج ذیل کچھ عام یوٹیلیٹی پروگرامز اور ان کی عملی مثالیں دی گئی ہیں۔

1- **ڈسک کلین اپ (Disk-Cleanup):**

یہ پروگرام ہارڈ ڈرائیو میں غیر ضروری فائلز جیسے کہ عارضی فائلز اور کیشے کو تلاش کر کے حذف کرتا ہے، تاکہ سسٹم کی رفتار بہتر ہو۔

**عملی مثال:**

اگر آپ کا کمپیوٹر آہستہ کام کر رہا ہو تو ڈسک کلین اپ چلانے سے غیر ضروری فائلز حذف ہو جاتی ہیں، جس سے کارکردگی بہتر ہو سکتی ہے۔

stepacademyofficial.com

https://stepacademyofficial.com/



-2 **اینٹی وائرس سافٹ ویئر(Antivirus Sofware):** یہ پروگرام کمپیوٹر کو وائرس اور میل ویئر (Malware) سے محفوظ رکھنے کے لیے فائلز کو اسکین کرتا ہے اور خطرناک فائلز کو بلاک کرتا ہے۔

**عملی مثال:** اگر آپ کو کسی نامعلوم شخص کی ای میل کے ساتھ ایک اٹیچمنٹ موصول ہو تو اسے کھولنے سے پہلے اینٹی وائرس سے اسکین کرنا ضروری ہے تاکہ وائرس سے بچا جا سکے۔

-3 **بیک اپ سافٹ ویئر(Backup Software):** یہ سافٹ ویئر فائلز اور فولڈرز کی خودکار بیک اپ کا انتظام کرتا ہے، تاکہ ڈیٹا ضائع ہونے کی صورت میں اسے دوبارہ حاصل کیا جا سکے۔

**عملی مثال:** اگر آپ غلطی سے کوئی ضروری پریزنٹیشن فائل ڈیلیٹ کر دیتے ہیں تو بیک اپ سافٹ ویئر کے ذریعے اس کا محفوظ شدہ ورژن بحال کیا جا سکتا ہے۔

-4 **فائل کمپریشن ٹولز(File Compression Tools):** یہ ٹولز بڑی فائلز کو چھوٹے سائز میں تبدیل کر کے آسانی سے اسٹور اور شیئر کرنے کے قابل بناتے ہیں۔

**عملی مثال:** اگر آپ کو بڑی تعداد میں ہائی ریزولوشن تصاویر ای میل کے ذریعے بھیجنی ہوں تو فائل کمپریشن ٹولز (جیسے ZIP یا RAR) کا استعمال کر کے فائلز کا سائز کم کیا جا سکتا ہے۔

یہ یوٹیلیٹی پروگرامز کمپیوٹر سسٹم کی کارکردگی، سیکیورٹی، اور استحکام کو برقرار رکھنے میں مدد دیتے ہیں۔ ان کے استعمال سے کمپیوٹر کو بہتر طریقے سے منظم اور بہتر بنایا جا سکتا ہے۔

**سوال 4: ڈیوائس ڈرائیورز کا تصور اور کمپیوٹر سسٹم میں ان کی اہمیت بیان کریں۔**

**جواب: ڈیوائس ڈرائیورز:**

ڈیوائس ڈرائیورز ایسے سافٹ ویئر ہوتے ہیں جو کمپیوٹر کے آپریٹنگ سسٹم اور ہارڈ ویئر کے درمیان رابطہ قائم کرتے ہیں، تاکہ کمپیوٹر مختلف آلات جیسے کہ پرنٹر، کی بورڈ، اور ماؤس کو صحیح طریقے سے چلا سکے۔

**عام ڈیوائس ڈرائیورز:**

-1 **پرنٹر ڈرائیور:** کمپیوٹر سے پرنٹر کو درست سگنل بھیجنے میں مدد دیتا ہے تاکہ پرنٹر صحیح طریقے سے دستاویزات پرنٹ کر سکے۔

-2 **گرافکس کارڈ ڈرائیور:** کمپیوٹر کو اسکرین پر درست تصاویر اور ویڈیوز دکھانے میں مدد دیتا ہے۔

**ڈیوائس ڈرائیورز کیسے کام کرتے ہیں؟**

-1 **انسٹالیشن:** جب کوئی نیا ڈیوائس کمپیوٹر سے جوڑا جاتا ہے تو اکثر اس کے لیے ڈرائیور انسٹال کرنا پڑتا ہے۔

stepacademyofficial.com
https://stepacademyofficial.com/

2- رابطہ کاری: ڈرائیور کمپیوٹر اور ڈیوائس کے درمیان مواصلات کا کام کرتا ہے اور ہدایات کو قابلِ فہم سگنلز میں تبدیل کرتا ہے۔

3- عملی کارکردگی: انسٹالیشن کے بعد، ڈرائیور ڈیوائس اور کمپیوٹر کو بغیر کسی مسئلے کے کام کرنے میں مدد دیتا ہے۔

حقیقی زندگی کی مثال: ڈیوائس ڈرائیور کو ایک ٹی وی ریموٹ کنٹرول سے تشبیہ دی جا سکتی ہے۔

ٹی وی (ڈیوائس): یہ چینل تبدیل کر سکتا ہے اور آواز بڑھا یا گھٹا سکتا ہے، مگر اسے ہدایات کی ضرورت ہوتی ہے۔

ریموٹ کنٹرول (ڈرائیور): یہ صحیح سگنلز بھیجتا ہے تاکہ ٹی وی ہدایات پر عمل کر سکے۔

آپ (کمپیوٹر): آپ فیصلہ کرتے ہیں کہ کون سا چینل دیکھنا ہے اور ریموٹ کنٹرول کے ذریعے ٹی وی کو کنٹرول کرتے ہیں۔ ڈیوائس ڈرائیورز کے بغیر، کمپیوٹر ہارڈ ویئر ڈیوائسز کو نہیں چلا سکتا، اسی لیے یہ کمپیوٹر سسٹم کے لیے بہت اہم ہیں۔

## 5.3 ایپلی کیشن سافٹ ویئر

**سوال 5: مختلف اقسام کے عام استعمال ہونے والے ایپلی کیشن سافٹ ویئر، ان کے کام اور مثالیں بیان کریں۔**

جواب: ایپلی کیشن سافٹ ویئر: ایپلی کیشن سافٹ ویئر ایسے پروگرامز ہوتے ہیں جو صارف کی مخصوص ضروریات کو پورا کرنے کے لیے بنائے جاتے ہیں۔ یہ سافٹ ویئر کمپیوٹر کے ہارڈ ویئر اور آپریٹنگ سسٹم کی صلاحیتوں کو استعمال کر کے مختلف کام انجام دینے میں مدد دیتے ہیں۔

عام اقسام کے ایپلی کیشن سافٹ ویئر:

1- ورڈ پروسیسنگ سافٹ ویئر (Word Processing Software): یہ سافٹ ویئر دستاویزات لکھنے، ترمیم کرنے، فارمیٹ کرنے اور پرنٹ کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

مثالیں:

مائیکروسافٹ ورڈ: دستاویزات بنانے اور ان میں ترمیم کے لیے سب سے زیادہ استعمال ہونے والا سافٹ ویئر۔

گوگل ڈاکس: آن لائن دستاویزات بنانے اور شیئر کرنے کے لیے مفید۔

ایپل پیجز: میک اور آئی او ایس صارفین کے لیے استعمال ہونے والا سافٹ ویئر۔

2- اسپریڈ شیٹ سافٹ ویئر (Spread Sheet Software): یہ سافٹ ویئر ڈیٹا کو ٹیبل کی شکل میں منظم کرنے اور حسابی تجزیے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

مثالیں:

مائیکروسافٹ ایکسل: ڈیٹا اینالیسس اور کیلکولیشن کے لیے سب سے زیادہ استعمال ہونے والا سافٹ ویئر۔

گوگل شیٹس: آن لائن ڈیٹا مینجمنٹ اور کولیبریشن کے لیے مفید۔

ایپل نمبرز: ایپل صارفین کے لیے ایک آسان اسپریڈ شیٹ پروگرام۔

3- گرافک ڈیزائن سافٹ ویئر (Graphic Design Software): یہ سافٹ ویئر تصویریں بنانے، ترمیم کرنے، اور ڈیزائن کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

مثالیں:

ایڈوب فوٹو شاپ: فوٹو ایڈیٹنگ اور گرافک ڈیزائن کے لیے مشہور سافٹ ویئر۔

ایڈوب السٹریٹر: لوگو اور ویکٹر گرافکس بنانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

کورل ڈرا: پروفیشنل گرافکس اور لے آؤٹ ڈیزائن کے لیے مفید۔

کینوا: آسان اور مفت آن لائن ڈیزائننگ ٹول، جو سوشل میڈیا پوسٹس اور پریزنٹیشنز کے لیے کارآمد ہے۔

stepacademyofficial.com

یہ ایپلی کیشن سافٹ ویئرز صارفین کو مختلف کاموں کو تیزی اور مؤثر طریقے سے انجام دینے میں مدد دیتے ہیں، اور ان کے استعمال سے کام کرنے کی استعداد میں اضافہ ہوتا ہے۔

**سوال 6: ورڈ پروسیسنگ سافٹ ویئر کی خصوصیات اور فوائد پر تبادلہ خیال کریں اور اس کے منفرد فیچرز اور ہدف شدہ صارفین کی وضاحت کریں۔**

**جواب: ورڈ پروسیسنگ سافٹ ویئر:**

ورڈ پروسیسنگ سافٹ ویئر ایک ایپلی کیشن سافٹ ویئر ہے جو دستاویزات بنانے، ترمیم کرنے، فارمیٹنگ کرنے اور پرنٹ کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ یہ سافٹ ویئر خطوط، رپورٹس، مضامین اور دیگر تحریری دستاویزات تیار کرنے کے لیے ضروری ہوتے ہیں۔ ورڈ پروسیسرز مختلف خصوصیات فراہم کرتے ہیں جو تحریر اور تدوین کے عمل کو آسان اور معیاری بناتے ہیں۔

**ورڈ پروسیسنگ سافٹ ویئر کی مثالیں:**

1- **مائیکروسافٹ ورڈ:** ونڈوز اور میک او ایس پر دستیاب ہے۔
ٹیکسٹ فارمیٹنگ، اسپیل چیک، گرامر چیک، اور تصاویر، ٹیبلز اور چارٹس شامل کرنے کی سہولت فراہم کرتا ہے۔

2- **گوگل ڈاکس:** ویب پر مبنی ورڈ پروسیسر جو کسی بھی آپریٹنگ سسٹم پر انٹرنیٹ کے ذریعے چلایا جا سکتا ہے۔
حقیقی وقت میں کئی افراد ایک ہی دستاویز پر کام کر سکتے ہیں اور اسے گوگل سروسز کے ساتھ جوڑ سکتے ہیں۔

3- **ایپل پیجز:** میک او ایس اور آئی او ایس پر دستیاب، ایک خوبصورت اور آسان انٹرفیس فراہم کرتا ہے۔
ٹیمپلیٹس، ڈیزائن ٹولز اور ایپل پروڈکٹس کے ساتھ آسان انضمام شامل ہیں۔

4- **لائبر آفس رائٹر:** ونڈوز، میک او ایس اور لینکس پر دستیاب ایک فری اور اوپن سورس ورڈ پروسیسر۔
یہ مائیکروسافٹ ورڈ کی خصوصیات کے ساتھ ایک بہترین متبادل ہے، خاص طور پر ان صارفین کے لیے جو اوپن سورس سافٹ ویئر کو ترجیح دیتے ہیں۔

**سوال 7: اسپریڈشیٹ سافٹ ویئر کے افعال اور فوائد کی وضاحت کریں اور معروف اسپریڈشیٹ ایپلی کیشنز کی مثالیں دیں۔**

**جواب: اسپریڈشیٹ سافٹ ویئر:**

اسپریڈشیٹ سافٹ ویئر ایک ایپلی کیشن سافٹ ویئر ہے جو ڈیٹا کو ٹیبل کی شکل میں ترتیب دینے، تجزیہ کرنے اور محفوظ کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ اسپریڈشیٹ میں قطاروں اور کالموں کی شکل میں سیلز (cells) ہوتے ہیں، جہاں صارفین ڈیٹا درج کر سکتے ہیں، حسابات کر سکتے ہیں اور چارٹس بنا سکتے ہیں۔ یہ سافٹ ویئر بجٹنگ، مالی تجزیہ، ڈیٹا مینجمنٹ اور شماریاتی تجزیے کے لیے بہت اہم ہے۔

**اسپریڈشیٹ سافٹ ویئر کی مثالیں:**

1- **مائیکروسافٹ ایکسل:** ونڈوز اور میک او ایس پر دستیاب ایک مقبول اسپریڈشیٹ پروگرام۔
پیچیدہ فارمولے، پیوٹ ٹیبلز اور مختلف چارٹس بنانے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

2- **گوگل شیٹس:** ویب پر مبنی اسپریڈشیٹ جو کسی بھی آپریٹنگ سسٹم پر انٹرنیٹ کے ذریعے استعمال کی جا سکتی ہے۔
حقیقی وقت میں متعدد افراد ایک ساتھ ایک اسپریڈشیٹ پر کام کر سکتے ہیں۔

3- **ایپل نمبرز:** میک او ایس اور آئی او ایس پر دستیاب، آسان اور خوبصورت انٹرفیس کے ساتھ اسپریڈشیٹ بنانے کا سافٹ ویئر۔
ویژولائزیشن ٹولز، ٹیمپلیٹس اور ایپل پروڈکٹس کے ساتھ آسان انضمام فراہم کرتا ہے۔

4- **لائبر آفس کیلک:** ونڈوز، میک او ایس اور لینکس پر دستیاب ایک فری اور اوپن سورس اسپریڈشیٹ پروگرام۔
مائیکروسافٹ ایکسل جیسی خصوصیات کے ساتھ ایک بہترین متبادل ہے، خاص طور پر ان صارفین کے لیے جو اوپن سورس سافٹ ویئر پسند کرتے ہیں۔

stepacademyofficial.com

**سوال 8: مختلف گرافک ڈیزائن سافٹ ویئرز کی بنیادی خصوصیات، ان کی طاقت اور کمزوریاں بیان کریں اور وضاحت کریں کہ یہ مختلف صارفین کی ضروریات کو کس طرح پورا کرتے ہیں۔**

**جواب: گرافک ڈیزائن سافٹ ویئر:** گرافک ڈیزائن سافٹ ویئر ایک قسم کا ایپلی کیشن سافٹ ویئر ہے جو بصری مواد بنانے، ترمیم کرنے اور منظم کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ یہ سافٹ ویئر ڈرائنگ، پینٹنگ، فوٹو ایڈیٹنگ اور السٹریشنز بنانے کے لیے اہم ہیں اور انہیں ڈیزائنرز، آرٹسٹوں اور ملٹی میڈیا سے متعلقہ افراد استعمال کرتے ہیں۔ یہ سافٹ ویئر اشتہارات، ویب ڈیزائن، پبلشنگ اور ملٹی میڈیا پروڈکشن میں بڑے پیمانے پر استعمال ہوتے ہیں۔

**گرافک ڈیزائن سافٹ ویئر کی مثالیں:**

1- **ایڈوب فوٹوشاپ:** ونڈوز اور میک او ایس پر دستیاب، سب سے زیادہ مقبول گرافک ڈیزائن سافٹ ویئر۔
فوٹو ایڈیٹنگ، ڈیجیٹل پینٹنگ اور گرافک ڈیزائن کے لیے طاقتور ٹولز فراہم کرتا ہے۔

2- **ایڈوب السٹریٹر:** ونڈوز اور میک او ایس پر دستیاب ایک ویکٹر گرافکس ایڈیٹر۔
لوگوز، السٹریشنز اور دیگر اسکیلیبل (scalable) گرافکس بنانے کے لیے بہترین ہے۔

3- **کورل ڈرا:** ونڈوز اور میک او ایس پر دستیاب، ایک آسان اور طاقتور ویکٹر گرافکس ایڈیٹر۔
پروفیشنل گرافکس اور لے آؤٹس (layouts) بنانے کے لیے موزوں ہے۔

4- **جی آئی ایم پی (GIMP):** ونڈوز، میک او ایس اور لینکس پر دستیاب ایک فری اور اوپن سورس گرافک ڈیزائن سافٹ ویئر۔
یہ ایڈوب فوٹوشاپ جیسے فیچرز فراہم کرتا ہے اور ان صارفین کے لیے ایک بہترین متبادل ہے جو اوپن سورس سافٹ ویئر کو ترجیح دیتے ہیں۔

5- **کینوا (Canva):** ویب پر مبنی گرافک ڈیزائن ٹول جو کسی بھی آپریٹنگ سسٹم پر انٹرنیٹ کے ذریعے قابل رسائی ہے۔
استعمال میں آسان انٹرفیس، مختلف ٹیمپلیٹس اور ڈیزائن عناصر فراہم کرتا ہے، جو اسے ابتدائی اور پیشہ ورانہ صارفین دونوں کے لیے موزوں بناتا ہے۔

یہ سافٹ ویئرز مختلف ضروریات کے مطابق مختلف صارفین کے لیے بہترین انتخاب ہو سکتے ہیں، جیسے کہ فوٹوگرافی کے شوقین افراد، پروفیشنل ڈیزائنرز، مارکیٹنگ ایجنسیز اور ڈیجیٹل مواد بنانے والے۔

## انشائی طرز کنسیپچوئل (Conceptual) سوالات

**سوال 1: یوٹیلیٹی پروگرامز صارف کے تجربے کو کیسے بہتر بناتے ہیں؟**

**جواب:** یوٹیلیٹی پروگرامز ایسے سسٹم سافٹ ویئر ہوتے ہیں جو کمپیوٹر کے کام کو بہتر بناتے ہیں۔ یہ ہارڈ ویئر، سافٹ ویئر اور ڈیٹا کو بہتر طریقے سے منظم کرنے میں مدد دیتے ہیں۔ کچھ عام یوٹیلیٹی پروگرامز اور ان کے فوائد درج ذیل ہیں:

1- **ڈسک کلین اپ Disk Cleanup:**

**فنکشن:** یہ پروگرام ہارڈ ڈرائیو میں غیر ضروری فائلوں کو تلاش کر کے انہیں حذف کرتا ہے تاکہ سسٹم کی رفتار بہتر ہو۔

**مثال:** اگر کمپیوٹر سست ہو جائے تو ڈسک کلین اپ چلانے سے اضافی جگہ خالی ہو سکتی ہے اور کارکردگی بہتر ہو سکتی ہے۔

2- **اینٹی وائرس سافٹ ویئر:**

**فنکشن:** وائرس اور میل ویئر سے حفاظت کے لیے فائلوں کو اسکین کرتا ہے اور حقیقی وقت میں سسٹم کی نگرانی کرتا ہے۔

**مثال:** اگر کوئی نامعلوم ای میل اٹیچمنٹ آئے تو اسے کھولنے سے پہلے اینٹی وائرس سافٹ ویئر سے اسکین کر لینا بہتر ہوتا ہے تاکہ کمپیوٹر محفوظ رہے۔

3- **بیک اپ سافٹ ویئر**

**فنکشن:** اہم فائلوں کا بیک اپ بنانے میں مدد دیتا ہے تاکہ ڈیٹا ضائع نہ ہو۔

**مثال:** اگر غلطی سے کوئی ضروری فائل ڈیلیٹ ہو جائے تو بیک اپ سافٹ ویئر کے ذریعے اسے دوبارہ حاصل کیا جا سکتا ہے۔

stepacademyofficial.com

4- فائل کمپریشن ٹولز

فنکشن: بڑی فائلوں کو چھوٹے سائز میں تبدیل کرکے ایک آرکائیو (ZIP, یا RAR) بناتے ہیں تاکہ ڈیٹا محفوظ رہے اور تیزی سے شیئر ہو سکے۔

مثال: اگر کسی کو بڑی فائل ای میل کرنی ہو تو اسے ZIP فائل میں تبدیل کرنے سے فائل کا سائز کم ہو جاتا ہے اور بھیجنا آسان ہو جاتا ہے۔

یہ یوٹیلیٹی پروگرامز کمپیوٹر کی کارکردگی، سیکیورٹی اور ڈیٹا مینجمنٹ کو بہتر بناتے ہیں، جس سے صارف کا تجربہ مزید مؤثر اور محفوظ ہو جاتا ہے۔

**سوال 2: ڈیوائس ڈرائیورز کس طرح کام کرتے ہیں؟ کسی حقیقی زندگی کی مثال کے ساتھ وضاحت کریں اور مختلف اقسام کے ڈرائیورز کے بارے میں بتائیں۔**

جواب: **ڈیوائس ڈرائیورز کیا ہیں:** ڈیوائس ڈرائیورز سافٹ ویئر پروگرامز ہوتے ہیں جو کمپیوٹر اور ہارڈ ویئر ڈیوائسز کے درمیان رابطہ قائم کرتے ہیں۔ ان کی مدد سے کمپیوٹر پر موجود آپریٹنگ سسٹم ہارڈ ویئر کو صحیح طریقے سے چلاتا ہے۔

اقسام: 1- **پرنٹر ڈرائیور:** پرنٹر کو کمپیوٹر کے ساتھ کام کرنے میں مدد دیتا ہے تاکہ صحیح طریقے سے پرنٹ حاصل کیا جا سکے۔

2- **گرافکس کارڈ ڈرائیور:** کمپیوٹر کو درست طریقے سے تصاویر اور ویڈیوز دکھانے میں مدد دیتا ہے۔

**ڈیوائس ڈرائیورز کیسے کام کرتے ہیں؟**

1- **انسٹالیشن:** جب کوئی نیا آلہ (مثلاً پرنٹر) کمپیوٹر سے جوڑا جاتا ہے تو اس کے لیے ڈرائیور انسٹال کرنا ضروری ہوتا ہے۔

2- **رابطہ کاری:** ڈرائیور کمپیوٹر کے عمومی احکامات کو مخصوص ہارڈ ویئر کی سمجھ کے مطابق تبدیل کرتا ہے۔

3- **عملی کام:** ایک بار انسٹال ہونے کے بعد، ڈرائیور کمپیوٹر اور ڈیوائس کے درمیان مؤثر رابطہ قائم رکھتا ہے۔

**حقیقی زندگی کی مثال:** ٹی وی ریموٹ کنٹرول

ڈیوائس ڈرائیور کو ٹی وی ریموٹ کنٹرول سے تشبیہ دی جا سکتی ہے۔

1- **ٹی وی (ڈیوائس):** چینلز تبدیل کر سکتا ہے، آواز بڑھا یا گھٹا سکتا ہے، لیکن اسے ہدایات درکار ہوتی ہیں۔

2- **ریموٹ کنٹرول (ڈرائیور):** ٹی وی کو صحیح سگنلز بھیجتا ہے تاکہ وہ درست کام کرے۔

3- **آپ (کمپیوٹر):** ریموٹ کے ذریعے ٹی وی کو کنٹرول کرتے ہیں، جیسے کمپیوٹر ڈرائیورز کے ذریعے ڈیوائسز کو چلاتا ہے۔

**سوال 3: گرافک ڈیزائن سافٹ ویئر کی اہمیت کیا ہے؟ مختلف صنعتوں میں اس کے استعمالات اور فوائد بیان کریں۔**

جواب: **گرافک ڈیزائن سافٹ ویئر:** یہ وہ سافٹ ویئر ہوتے ہیں جو تصاویر، گرافکس، اور ڈیزائن بنانے اور ترمیم کرنے کے لیے استعمال کیے جاتے ہیں۔ یہ سافٹ ویئر فنکاروں، ڈیزائنرز اور دیگر تخلیقی شعبوں سے وابستہ افراد کے لیے نہایت مفید ہوتے ہیں۔

**گرافک ڈیزائن سافٹ ویئر کے استعمالات:** یہ مختلف صنعتوں میں استعمال ہوتے ہیں، جیسے:

1- **اشتہارات اور مارکیٹنگ:** پوسٹرز، بروشرز، اور بینرز بنانے کے لیے۔

2- **ویب ڈیزائن:** ویب سائٹس کے لے آؤٹ اور گرافکس ڈیزائن کرنے کے لیے۔

3- **اشاعتی صنعت:** میگزین، کتابوں، اور اخبارات کی گرافکس ڈیزائن کرنے کے لیے۔

4- **ملٹی میڈیا پروڈکشن:** ویڈیوز، اینیمیشنز، اور گرافک مواد تخلیق کرنے کے لیے۔

**مشہور گرافک ڈیزائن سافٹ ویئر:**

1- **ایڈوب فوٹوشاپ:** امیج ایڈیٹنگ، ڈیجیٹل پینٹنگ، اور گرافک ڈیزائن کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

2- **ایڈوب السٹریٹر:** لوگوز، ویکٹر گرافکس، اور اسکیل ایبل ڈیزائن بنانے کے لیے۔

3- **کورل ڈرا:** آسان انٹرفیس اور پروفیشنل گرافکس بنانے کے لیے۔

stepacademyofficial.com

4- جمپ: فوٹو شاپ کا مفت اور اوپن سورس متبادل۔

5- کینوا: ویب بیسڈ ڈیزائن ٹول، جو آسانی سے مختلف ڈیزائنز بنانے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

**نتیجہ:** گرافک ڈیزائن سافٹ ویئر آج کی دنیا میں بہت اہمیت رکھتا ہے، کیونکہ یہ کاروباری اور تخلیقی کاموں کو مزید مؤثر اور خوبصورت بنانے میں مدد دیتا ہے۔

## دلچسپ معلومات

اپنے سسٹم سافٹ ویئر کو ہمیشہ اپ ڈیٹ رکھیں تا کہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ آپ کا کمپیوٹر درست انداز میں چلتا ہے اور یہ سیکیورٹی کے خطرات سے محفوظ ہے۔

اپنے آپریٹنگ سسٹم کو آسانی سے چلانے کے لیے اسے باقاعدگی سے اپ ڈیٹ کریں اور معمول کی دیکھ بھال کے کاموں جیسے: ڈسک کلین اپ اور وائرس اسکین کے کام کرتے رہیں۔

فائل کو کمپریس کرنے والا ٹول فائل کے سائز کو کم کر دیتا ہے جس سے جگہ بھی بچتی ہے اور فائل تیزی سے منتقل ہو جاتی ہے۔

جب آپ ایک نئی ڈیوائس انسٹال کریں، تو ہمیشہ تازہ ترین ڈرائیور اپ ڈیٹس کو چیک کریں تا کہ مطابقت اور بہترین کارکردگی کو یقینی بنایا جا سکے۔

## کیا آپ جانتے ہیں؟

پہلا کمپیوٹر وائرس جسے ''کریپر'' کہا جاتا ہے 1971ء میں تجرباتی طور پر خود نقل کرنے والے پروگرام کے طور پر بنایا گیا تھا۔ اس میں صرف یہ پیغام دکھایا گیا تھا، "I'm the creeper, catch me if you can!"

ایک پلگ اینڈ پلے (PnP) ڈیوائس خود بخود اپنے آپ کو کمپیوٹر سے جڑنے پر کنفیگر (Configure) کر لیتی ہے، جو انسٹالیشن اور استعمال کو آسان بناتی ہے۔

پہلا آپریٹنگ سسٹم 1950 کی دہائی میں آئی بی ایم (IBM) کمپیوٹرز کے لیے بنایا گیا تھا اور اسے GM-NAA I/O کہا جاتا تھا۔

گرامرلی اور مائیکروسافٹ ایڈیٹر جیسے آرٹیفیشل انٹیلی جنس (AI) بیسڈ ٹولز جدید گرامر، اسٹائل اور تجاویز فراہم کر کے ورڈ پروسیسنگ میں انقلاب برپا کر رہے ہیں۔ یہ ٹولز صارفین کو ریئل ٹائم فیڈ بیک اور اصلاح پیش کر کے زیادہ واضح اور مؤثر طریقے سے لکھنے میں مدد کرتے ہیں۔

اسپریڈ شیٹ سافٹ ویئر میں موجود AI بیسڈ ٹولز جیسے ایکسل میں مائیکروسافٹ کے آئیڈیاز اور گوگل شیٹس کی ایکسپلورنگ کی خصوصیت، صارفین کو بصیرت فراہم کر کے، فارمولے تجویز کر کے اور خود بخود چارٹ بنا کر ڈیٹا کا تجزیہ کرنے میں مدد کرتی ہے۔

گرافک ڈیزائن سافٹ ویئر میں AI بیسڈ ٹولز جیسے: فوٹو شاپ اور السٹریٹر میں ایڈوب سینسی، ڈیزائنرز کو بار بار کیے جانے والے کاموں کو خودکار بنانے، ڈیزائن عناصر کی تجویز دینے اور جدید الگورتھم کے ساتھ تصاویر کو بڑھانے میں مدد کرتے ہیں۔

stepacademyofficial.com

# معروضی سوالات

محکمہ تعلیم کی نئی امتحانی تکنیکس (Knowledge, Understanding, Application, Analytical & Conceptual) کی روشنی میں مرتب کیے گئے کثیر الانتخابی سوالات

## 5.1 سافٹ ویئر

☆ **درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔**

1- **سافٹ ویئر کا بنیادی کام کیا ہے؟**

(A) کمپیوٹر کے جسمانی حصوں کو کنٹرول کرنا۔ (B) کمپیوٹر کو ہدایات فراہم کرنا۔

(C) ڈیٹا اور فائلز کو محفوظ کرنا۔ (D) کمپیوٹر کو انٹرنیٹ سے جوڑنا۔

-2 کون سا سافٹ ویئر ہارڈ ویئر اور یوزر ایپلی کیشنز کے درمیان پل کا کام کرتا ہے؟
(A) ایپلی کیشن سافٹ ویئر (B) سسٹم سافٹ ویئر (C) یوٹیلیٹی سافٹ ویئر (D) آپریٹنگ سسٹم

-3 درج ذیل میں سے کون سا سسٹم سافٹ ویئر کی مثال نہیں ہے؟
(A) مائیکروسافٹ ونڈوز (B) اینٹی وائرس سافٹ ویئر (C) گوگل کروم (D) ڈیوائس ڈرائیورز

-4 ایپلی کیشن سافٹ ویئر کا بنیادی مقصد کیا ہے؟
(A) کمپیوٹر کے وسائل کو منظم کرنا (B) صارف کو مخصوص کام انجام دینے میں مدد دینا
(C) انٹرنیٹ سے جڑنا (D) دوسرے سافٹ ویئر کے لیے پلیٹ فارم فراہم کرنا

-5 درج ذیل میں سے کون سا ایپلی کیشن سافٹ ویئر کی مثال ہے؟
(A) مائیکروسافٹ ورڈ (B) لینکس (C) ساؤنڈ کارڈ ڈرائیورز (D) ڈسک کلین اپ ٹولز

-6 درج ذیل میں سے کون سا بیان سافٹ ویئر کی انسٹالیشن کے بارے میں درست ہے؟
(A) سسٹم سافٹ ویئر عام طور پر صارف خود انسٹال کرتا ہے۔
(B) ایپلی کیشن سافٹ ویئر عام طور پر پہلے سے انسٹال شدہ ہوتا ہے۔
(C) سسٹم اور ایپلی کیشن سافٹ ویئر ہمیشہ پہلے سے انسٹال شدہ ہوتا ہے۔
(D) سسٹم اور ایپلی کیشن سافٹ ویئر دونوں کو صارف انسٹال کر سکتا ہے۔

-7 درج ذیل میں سے کون سا ایپلی کیشن سافٹ ویئر کی قسم نہیں ہے؟
(A) گیمز (B) ویب براؤزرز (C) آپریٹنگ سسٹمز (D) ورڈ پروسیسرز

-8 یوٹیلیٹی پروگرامز کا بنیادی مقصد کیا ہے؟
(A) صارف کو مخصوص کام انجام دینے میں مدد دینا۔ (B) کمپیوٹر کے وسائل کو منظم کرنا۔
(C) کمپیوٹر کی خرابیوں کو تلاش کرنا اور اسے برقرار رکھنا۔ (D) دوسرے سافٹ ویئر کے لیے پلیٹ فارم فراہم کرنا۔

## 5.2 سسٹم سافٹ ویئر کا تعارف

-9 سسٹم سافٹ ویئر کا بنیادی کام کیا ہے؟
(A) ہارڈ ویئر اور صارف ایپلی کیشنز کے درمیان پل کا کام کرنا۔ (B) براہ راست صارف کے ساتھ بات چیت کرنا۔
(C) صارف کا ڈیٹا محفوظ کرنا۔ (D) موبائل ڈیوائس پر چلنا۔

-10 کون سا آپریٹنگ سسٹم گوگل نے تیار کیا ہے اور اسمارٹ فونز/ٹیبلٹس میں استعمال ہوتا ہے؟
(A) ونڈوز (B) میک او ایس (C) اینڈرائیڈ (D) آئی او ایس

-11 آپریٹنگ سسٹم کا بنیادی کام کیا ہے؟
(A) دستاویزات بنانا (B) انٹرنیٹ براؤزنگ
(C) کمپیوٹر کے وسائل کو منظم کرنا (D) گیمز کھیلنا

-12 آپریٹنگ سسٹم کا بنیادی مقصد کیا ہے؟
(A) کمپیوٹر کے ہارڈ ویئر وسائل کو منظم کرنا۔ (B) ویب براؤزر چلانا۔
(C) موسیقی فائلیں چلانا۔ (D) دستاویزات تخلیق کرنا۔

stepacademyofficial.com

13- درج ذیل میں سے کون سا ہارڈ ویئر کا وہ وسیلہ نہیں ہے جسے آپریٹنگ سسٹم منظم کرتا ہے؟

(A) سی پی یو (B) میموری (C) ویب براؤزر (D) ڈسک ڈرائیوز

14- یوزر انٹرفیس (UI) کیا ہے؟

(A) وہ طریقہ جس سے صارف کمپیوٹر کے ساتھ تعامل کرتا ہے۔ (B) ایک قسم کا سافٹ ویئر پروگرام۔

(C) ایک ہارڈ ویئر جزو۔ (D) ایک قسم کی فائل فارمیٹ۔

15- یوزر انٹرفیس کی دو اہم اقسام کون سی ہیں؟

(A) گرافیکل یوزر انٹرفیس (GUI) اور کمانڈ لائن انٹرفیس (CLI) (B) ونڈوز اور میک او ایس

(C) آئیکنز اور مینو (D) ویب براؤزرز اور میوزک پلیئرز

16- گرافیکل یوزر انٹرفیس (GUI) کیا ہے؟

(A) ایک ایسا انٹرفیس جو صرف ٹیکسٹ کمانڈز استعمال کرتا ہے۔

(B) ایک ایسا انٹرفیس جو بصری عناصر جیسے کہ ونڈوز، آئیکنز، اور مینو استعمال کرتا ہے۔

(C) ایک ایسا انٹرفیس جو پروگرامنگ کی مہارت کا متقاضی ہوتا ہے۔

(D) ایک ایسا انٹرفیس جو صرف ایپل پروڈکٹس میں پایا جاتا ہے۔

17- درج ذیل میں سے کون سا آپریٹنگ سسٹم GUI استعمال کرتا ہے؟

(A) مائیکروسافٹ ونڈوز (B) میک او ایس (C) دونوں A اور B (D) ان میں سے کوئی نہیں

18- CLI کا مطلب کیا ہے؟

(A) کمانڈ لائن انٹرفیس (B) کمپیوٹر لائن انٹرفیس (C) کمانڈ لائن انٹریکشن (D) کمپیوٹر لائن انٹریکشن

19- آپریٹنگ سسٹم کا بنیادی کام ایپلی کیشنز کے حوالے سے کیا ہوتا ہے؟

(A) ایپلی کیشنز کو انٹرنیٹ تک رسائی سے روکنا۔ (B) ایپلی کیشن فائلز کو ہارڈ ڈرائیو میں محفوظ کرنا۔

(C) ایپلی کیشنز کے درست طریقے سے چلنے کے لیے وسائل فراہم کرنا۔ (D) نئی ایپلی کیشنز تخلیق کرنا۔

20- CLI عام طور پر کس کام کے لیے استعمال نہیں کیا جاتا؟

(A) پروگرام چلانے کے لیے (B) فائلز کاپی کرنے کے لیے

(C) سسٹم سیٹنگز تبدیل کرنے کے لیے (D) ویب براؤزر کھولنے کے لیے

21- کمانڈ لائن انٹرفیس (CLI) کے استعمال کا سب سے بڑا فائدہ کیا ہے؟

(A) یہ ابتدائی صارفین کے لیے زیادہ آسان ہے۔

(B) یہ کمپیوٹر کے ساتھ زیادہ لچکدار اور طاقتور طریقے سے کام کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔

(C) یہ انٹرنیٹ تک آسان رسائی فراہم کرتا ہے۔

(D) یہ گرافیکل انٹرفیس کے مقابلے میں کم میموری استعمال کرتا ہے۔

22- آپریٹنگ سسٹم کو متعدد ایپلی کیشنز کے وسائل کی تقسیم کا انتظام کرنے کی ضرورت کیوں ہوتی ہے؟

(A) تاکہ تمام ایپلی کیشنز کو مساوی وسائل فراہم کیے جا سکیں۔ (B) تاکہ ایپلی کیشنز کریش ہونے سے بچ سکیں۔

(C) تاکہ تمام ایپلی کیشنز ایک ساتھ بغیر کسی مسئلے کے چل سکیں۔ (D) تاکہ صارف زیادہ ایپلی کیشنز انسٹال کر سکے۔

stepacademyofficial.com
https://stepacademyofficial.com/

-23 یوٹیلیٹی پروگرام کا بنیادی کام کیا ہے؟
(A) کمپیوٹر سسٹم کی فعالیت کو بہتر بنانا۔ (B) نئی ایپلی کیشنز بنانا۔
(C) یوزر انٹرفیس ڈیزائن کرنا۔ (D) آپریٹنگ سسٹم تیار کرنا۔

-24 کون سا یوٹیلیٹی پروگرام غیر ضروری فائلیں ہٹا کر ڈسک اسپیس خالی کرنے میں مدد دیتا ہے؟
(A) اینٹی وائرس سافٹ ویئر (B) بیک اپ سافٹ ویئر (C) ڈسک کلین اپ (D) سسٹم مانیٹر

-25 اینٹی وائرس سافٹ ویئر کا بنیادی مقصد کیا ہے؟
(A) فائلوں کا بیک اپ بنانا۔ (B) ہارڈ ویئر وسائل کا نظم و نسق کرنا۔
(C) وائرس اور میل ویئر سے تحفظ فراہم کرنا۔ (D) سسٹم کی کارکردگی کو بہتر بنانا۔

-26 کون سا یوٹیلیٹی پروگرام حادثاتی طور پر ڈیلیٹ شدہ ڈیٹا کو بازیاب کرنے کے لیے ضروری ہے؟
(A) ڈسک کلین اپ (B) سسٹم مانیٹر (C) اینٹی وائرس سافٹ ویئر (D) بیک اپ سافٹ ویئر

-27 بیک اپ سافٹ ویئر کے استعمال کا بنیادی فائدہ کیا ہے؟
(A) ڈیٹا کو حادثاتی طور پر حذف ہونے یا ہارڈ ویئر فیل ہونے سے بچانا۔ (B) کمپیوٹر کی رفتار بہتر بنانا۔
(C) سسٹم سے غیر ضروری فائلیں ہٹانا۔ (D) کمپیوٹر کو میل ویئر حملوں سے محفوظ بنانا۔

-28 ڈسک کلین اپ عام طور پر کس قسم کے ڈیٹا کو اسکین کرتا ہے؟
(A) صرف سسٹم فائلز (B) صرف یوزر کی بنائی ہوئی فائلز
(C) عارضی فائلز، کیشڈ فائلز اور غیر ضروری آئٹمز (D) ہارڈ ڈرائیو پر موجود تمام ڈیٹا

-29 فائل کمپریشن ٹولز کا بنیادی مقصد کیا ہے؟
(A) فائل کے سائز کو بڑھانا۔ (B) فائل کے سائز کو کم کرنا اور ٹرانسفر تیز بنانا۔
(C) فائلز کو انکرپٹ کر کے محفوظ بنانا۔ (D) فائلز کو فولڈرز میں منظم کرنا۔

-30 فائل کمپریشن ٹول کے استعمال کی ایک حقیقی مثال کیا ہو سکتی ہے؟
(A) ای میل کے ذریعے بڑی دستاویز بھیجنا۔ (B) بڑی ویڈیو فائل ڈاؤن لوڈ کرنا۔
(C) ہائی ریزولوشن تصاویر کے فولڈر کو ای میل میں بھیجنا۔ (D) اہم فائلز کا بیک اپ بنانا۔

-31 کمپیوٹر سسٹم میں ڈیوائس ڈرائیور کا کردار کیا ہے؟
(A) آپریٹنگ سسٹم کو منظم کرنا۔
(B) ہارڈ ویئر ڈیوائسز اور آپریٹنگ سسٹم کے درمیان رابطہ قائم کرنا۔
(C) نئی ہارڈ ویئر ڈیوائسز بنانا۔ (D) ڈیٹا کو ہارڈ ڈرائیو پر محفوظ کرنا۔

-32 ڈیوائس ڈرائیور کے کام کو حقیقی زندگی کی کس مثال سے سمجھایا جا سکتا ہے؟
(A) کی بورڈ (B) پرنٹر (C) ٹی وی ریموٹ کنٹرول (D) ماؤس

-33 پلگ اینڈ پلے (PnP) ڈیوائس سے کیا مراد ہے؟
(A) ایسا ڈیوائس جسے استعمال سے پہلے دستی ترتیب دینا ضروری ہو۔
(B) ایسا ڈیوائس جو کمپیوٹر سے جڑتے ہی خودکار طریقے سے کام کے لیے تیار ہو جاتا ہے۔

stepacademyofficial.com

(C) ایسا ڈیوائس جو صرف مخصوص آپریٹنگ سسٹمز کے ساتھ مطابقت رکھتا ہو۔

(D) ایسا ڈیوائس جسے انسٹال کرنے کے لیے خصوصی سافٹ ویئر کی ضرورت ہو۔

## 5.3 ایپلی کیشن سافٹ ویئر

-34 ورڈ پروسیسنگ سافٹ ویئر کا بنیادی کام کیا ہے؟

(A) ڈیٹا بیس بنانا اور منظم کرنا۔ (B) ویب سائٹس ڈیزائن اور ڈیولپ کرنا۔

(C) دستاویزات بنانا، ترمیم اور فارمیٹ کرنا۔ (D) موسیقی اور ویڈیوز چلانا۔

-35 درج ذیل میں سے کون سا ویب بیسڈ ورڈ پروسیسر ہے؟

(A) مائیکروسافٹ ورڈ (B) گوگل ڈاکس (C) ایپل پیجز (D) لائبر آفس رائٹر

-36 کون سا ورڈ پروسیسر بہترین یوزر انٹرفیس اور خوبصورت دستاویزات بنانے کے لیے مشہور ہے؟

(A) مائیکروسافٹ ورڈ (B) گوگل ڈاکس (C) ایپل پیجز (D) لائبر آفس رائٹر

-37 درج ذیل میں سے کون سا اسپریڈشیٹ سافٹ ویئر کی مثال ہے؟

(A) مائیکروسافٹ ورڈ (B) ایڈوب فوٹوشاپ (C) گوگل شیٹس (D) آڈاسٹی

-38 اسپریڈشیٹ سافٹ ویئر کا بنیادی مقصد کیا ہے؟

(A) موسیقی بنانا۔ (B) ویڈیوز ایڈٹ کرنا۔

(C) ڈیٹا کو منظم کرنا اور تجزیہ کرنا۔ (D) دستاویزات لکھنا۔

-39 درج ذیل میں سے کون سا مفت دستیاب اسپریڈشیٹ سافٹ ویئر ہے؟

(A) مائیکروسافٹ ایکسل (B) گوگل شیٹس (C) ایپل نمبرز (D) لائبر آفس

-40 اسپریڈشیٹ سافٹ ویئر میں عام طور پر کون سی خصوصیت شامل نہیں ہوتی؟

(A) فارمولاز (B) پیوٹ ٹیبلز (C) امیج ایڈیٹنگ ٹولز (D) چارٹس

-41 درج ذیل میں سے کون سی انڈسٹری گرافک ڈیزائن سافٹ ویئر استعمال نہیں کرتی؟

(A) اشتہارات (B) ویب ڈیزائن (C) مینوفیکچرنگ (D) پبلشنگ

-42 گرافک ڈیزائن سافٹ ویئر کا بنیادی کام کیا ہے؟

(A) بصری مواد تخلیق اور ایڈٹ کرنا۔ (B) موسیقی بنانا اور چلانا۔

(C) ڈیٹا بیس منظم کرنا۔ (D) کوڈ لکھنا اور ایڈٹ کرنا۔

-43 درج ذیل میں سے کون سا گرافک ڈیزائن سافٹ ویئر کا ایک بنیادی ٹول ہے؟

(A) ڈرائنگ ٹولز (B) پروگرامنگ لینگویجز

(C) آڈیو ایڈیٹنگ سافٹ ویئر (D) اسپریڈشیٹ فارمولاز

-44 اسپریڈشیٹ سافٹ ویئر میں 'ریئل ٹائم کولیبریشن' کا کیا مطلب ہے؟

(A) ایک سے زیادہ صارفین بیک وقت ایک ہی اسپریڈشیٹ پر کام کر سکتے ہیں۔

(B) سافٹ ویئر خود بخود تبدیلیاں محفوظ کرتا ہے۔

(C) ایک سافٹ ویئر کو بیک وقت مختلف ڈیوائسز پر استعمال کیا جا سکتا ہے۔ (D) سافٹ ویئر کو بیرونی ڈیٹا بیس سے جوڑا جا سکتا ہے۔

stepacademyofficial.com
https://stepacademyofficial.com/

-45 اسپریڈشیٹ میں 'سیل' کا کیا کردار ہوتا ہے؟
(A) ڈیٹا اسٹوریج کی ایک اکائی (B) ایک خاص قسم کا فارمولا (C) گرافیکل عنصر (D) پروگرامنگ کمانڈ

-46 اسپریڈشیٹ فائلز عام طور پر کس فارمیٹ میں محفوظ کی جاتی ہیں؟
(A) .docx (B) .xlsx (C) .jpg (D) .mp3

-47 سافٹ ویئر کا بنیادی مقصد کیا ہے؟
(A) ایپلی کیشنز کو مؤثر طریقے سے چلانا (B) ہارڈ ویئر کے وسائل کا انتظام کرنا
(C) ایپلی کیشنز کے لیے ایک پلیٹ فارم فراہم کرنا (D) مذکورہ تمام

-48 ایڈوب سینسی (Adobe Sensei) کا فوٹو شاپ اور السٹریٹر میں بنیادی مقصد کیا ہے؟
(A) نئی گرافکس بنانا (B) تصویر کی کوالٹی بہتر بنانا
(C) بار بار کیے جانے والے کام خودکار بنانا اور ڈیزائن کے عناصر تجویز کرنا (D) صارف کو انٹرفیس فراہم کرنا

-49 ایسا کون سا سافٹ ویئر ہے جو ڈیزائنرز کی مدد کے لیے بار بار کیے جانے والے کام خودکار بناتا ہے اور ڈیزائن کے عناصر تجویز کرتا ہے؟
(A) سسٹم سافٹ ویئر (B) ایپلی کیشن سافٹ ویئر
(C) یوٹیلیٹی سافٹ ویئر (D) گرافک ڈیزائن کے لیے مصنوعی ذہانت پر مبنی ٹولز

-50 درج ذیل میں سے کون سا سافٹ ویئر ایک مفت اور اوپن سورس گرافک ڈیزائن پروگرام ہے؟
(A) ایڈوب فوٹوشاپ (B) کورل ڈرا (C) کینوا (D) جمپ (GIMP)

-51 کلاؤڈ بیسڈ گرافک ڈیزائن ٹولز کا سب سے بڑا فائدہ کیا ہے؟
(A) اعلیٰ درجے کے ہارڈ ویئر کی ضرورت ہوتی ہے (B) محدود رسائی
(C) کسی بھی جگہ سے اشتراک (Collaboration) اور رسائی کی سہولت (D) زیادہ قیمت

-52 کون سا سافٹ ویئر بنیادی طور پر ویکٹر گرافکس ایڈیٹنگ کے لیے استعمال ہوتا ہے؟
(A) ایڈوب فوٹوشاپ (B) ایڈوب السٹریٹر (C) مائیکروسافٹ پینٹ (D) جمپ (GIMP)

-53 تصویر ایڈیٹنگ کے لیے سب سے بہترین ٹول کون سا ہے؟
(A) ایڈوب السٹریٹر (B) ایڈوب فوٹوشاپ (C) کینوا (D) انک اسکیپ (Inkscape)

-54 'ویکٹر گرافکس' کس چیز کو کہتے ہیں؟
(A) پکسلز سے بنی تصاویر (B) راستوں اور پوائنٹس کے ذریعے بنائی گئی تصاویر
(C) فوٹو گرافک تصاویر (D) 3D ماڈلز

## جوابات

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| -1 (B) | -2 (B) | -3 (C) | -4 (B) | -5 (A) | -6 (D) | -7 (C) | -8 (A) | -9 (C) | -10 (C) |
| -11 (A) | -12 (C) | -13 (A) | -14 (A) | -15 (B) | -16 (C) | -17 (A) | -18 (C) | -19 (D) | -20 (B) |
| -21 (C) | -22 (A) | -23 (C) | -24 (C) | -25 (D) | -26 (A) | -27 (C) | -28 (B) | -29 (C) | -30 (B) |
| -31 (C) | -32 (B) | -33 (C) | -34 (B) | -35 (C) | -36 (C) | -37 (C) | -38 (D) | -39 (C) | -40 (C) |
| -41 (A) | -42 (A) | -43 (A) | -44 (A) | -45 (B) | -46 (B) | -47 (C) | -48 (D) | -49 (D) | -50 (C) |
| -51 (B) | -52 (B) | -53 (B) | -54 (B) | | | | | | |

stepacademyofficial.com

https://stepacademyofficial.com/

## کثیرالانتخابی کنسیپچوئل (Conceptual) سوالات

☆ درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

-1 آپریٹنگ سسٹم کمپیوٹر پر چلنے والے مختلف پروگرامز اور صارفین کے لیے کیا یقینی بناتا ہے؟
(A) وہ مؤثر طریقے سے محفوظ ہوں۔ (B) وہ انٹرنیٹ سے جڑے رہیں۔
(C) وہ ایک دوسرے میں مداخلت نہ کریں۔ (D) وہ ایک ساتھ چلیں۔

-2 ایسے سافٹ ویئر کے مجموعے کو کیا کہا جاتا ہے جو کمپیوٹر کے تمام ہارڈ ویئر اور سافٹ ویئر کو منظم کرتا ہے؟
(A) آپریٹنگ سسٹم (B) ایپلی کیشن سافٹ ویئر (C) سسٹم سافٹ ویئر (D) یوزر انٹرفیس

-3 آپریٹنگ سسٹم ہر ایپلی کیشن کے لیے کیا یقینی بناتا ہے؟
(A) کہ اسے انٹرنیٹ تک رسائی ہو (B) کہ وہ روانی سے اور مؤثر طریقے سے چلے
(C) کہ وہ موسیقی چلا سکے (D) کہ وہ دستاویزات بنا سکے

-4 GUI (گرافیکل یوزر انٹرفیس) کے ساتھ صارف کس طرح تعامل کرتا ہے؟
(A) ٹرمینل ونڈو میں کمانڈز لکھ کر (B) آئیکنز پر کلک کر کے ایپلی کیشن کھول کر
(C) کی بورڈ کے ذریعے متن لکھ کر (D) ان سب کے ذریعے

-5 اپنے آپریٹنگ سسٹم کو باقاعدگی سے اپڈیٹ کرنے کا مقصد کیا ہوتا ہے؟
(A) کمپیوٹر کی رفتار بڑھانا (B) CLI (کمانڈ لائن انٹرفیس) کو آسان بنانا
(C) سیکیورٹی اور کارکردگی کو بہتر بنانا (D) نئی ایپلی کیشنز ڈاؤن لوڈ کرنا

-6 جب کمپیوٹر کی رفتار سست ہو جائے تو 'ڈسک کلین اپ' چلانے کا سب سے بڑا فائدہ کیا ہے؟
(A) یہ وائرس اور میلویئر کو ہٹا سکتا ہے۔ (B) یہ ڈسک اسپیس کو خالی کر کے کارکردگی بہتر بنا سکتا ہے۔
(C) یہ اہم فائلوں کا بیک اپ بنا سکتا ہے۔ (D) یہ ہارڈ ویئر وسائل کا انتظام کر سکتا ہے۔

-7 ٹی وی ریموٹ کنٹرول کی مثال میں 'ریموٹ کنٹرول' کا کیا کردار ہوتا ہے؟
(A) یہ ٹی وی سے سگنل وصول کرتا ہے۔ (B) یہ صحیح سگنل بھیج کر ٹی وی کو مختلف کام کرنے میں مدد دیتا ہے۔
(C) یہ ٹی وی کا ڈیٹا محفوظ کرتا ہے۔ (D) یہ ٹی وی کی پاور کنٹرول کرتا ہے۔

-8 لائبر آفس رائٹر اوپن سورس سافٹ ویئر کے طور پر کیوں بہتر انتخاب ہے؟
(A) یہ تمام آپریٹنگ سسٹمز کے ساتھ مطابقت رکھتا ہے۔ (B) اس میں ملٹی میڈیا ایڈیٹنگ کی جدید خصوصیات ہیں۔
(C) اس میں مائیکروسافٹ ورڈ جیسے فیچرز موجود ہیں۔ (D) یہ دوسرے مقبول پروڈکٹیویٹی سوئٹس کے ساتھ انٹیگریٹ ہوتا ہے۔

-9 ایکسل میں 'آئیڈیاز' اور گوگل شیٹس میں 'ایکسپلور' کا مقصد کیا ہے؟
(A) صارفین کی مدد کرنا کہ وہ ویڈیوز بنا سکیں (B) صارفین کو متعلقہ ٹیمپلیٹس تلاش کرنے میں مدد دینا
(C) ڈیٹا کا تجزیہ کرنا اور فارمولے تجویز کرنا (D) صارفین کو دستاویزات فارمیٹ کرنے میں مدد دینا

-10 درج ذیل میں سے کون سا سافٹ ویئر ایک ویب بیسڈ گرافک ڈیزائن ٹول ہے جو کسی بھی آپریٹنگ سسٹم پر انٹرنیٹ کے ذریعے استعمال کیا جا سکتا ہے؟
(A) ایڈوبی فوٹوشاپ (B) کینوا (C) کورل ڈرا (D) جمپ (GIMP)

### جوابات

| | | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| -1 | (C) | -2 | (A) | -3 | (B) | -4 | (B) | -5 | (C) | -6 | (B) | -7 | (B) | -8 | (C) |
| -9 | (C) | -10 | (B) | | | | | | | | | | | | |

stepacademyofficial.com

## 5.1 سافٹ ویئر

☆ مختصر جواب دیں۔

1- سافٹ ویئر کی کتنی اقسام ہیں؟

جواب: سافٹ ویئر کی دو اقسام ہوتی ہیں: i- سسٹم سافٹ ویئر ii- ایپلی کیشن سافٹ ویئر

2- سسٹم سافٹ ویئر کا کیا مقصد ہوتا ہے؟

جواب: سسٹم سافٹ ویئر: سسٹم سافٹ ویئر کمپیوٹر کے وسائل کو منظم کرتا ہے اور ایپلی کیشن سافٹ ویئر کو چلانے کے لیے پلیٹ فارم فراہم کرتا ہے۔ یہ ہارڈ ویئر اور صارف کے درمیان پل کا کام کرتا ہے۔

3- سسٹم سافٹ ویئر کی تین مثالیں دیں۔

جواب: 1- آپریٹنگ سسٹمز: جیسے کہ مائیکروسافٹ ونڈوز، میک او ایس اور لینکس۔

2- ڈیوائس ڈرائیورز: جیسے کہ پرنٹر ڈرائیور، گرافکس کارڈ ڈرائیور اور ساؤنڈ کارڈ ڈرائیور۔

3- یوٹیلیٹی پروگرامز: جیسے کہ اینٹی وائرس، ڈسک کلین اپ اور بیک اپ سافٹ ویئر۔

4- ایپلی کیشن سافٹ ویئر کا کیا مقصد ہوتا ہے؟

جواب: ایپلی کیشن سافٹ ویئر: ایپلی کیشن سافٹ ویئر وہ پروگرام ہوتے ہیں جو صارفین کو مخصوص کام انجام دینے میں مدد دیتے ہیں۔ یہ سافٹ ویئر عام طور پر صارفین کی ضروریات کے مطابق تیار کیے جاتے ہیں۔

5- ایپلی کیشن سافٹ ویئر کی تین مثالیں دیں۔

جواب: 1- ورڈ پروسیسر: جیسے کہ مائیکروسافٹ ورڈ اور گوگل ڈاکس۔

2- ویب براؤزرز: جیسے کہ گوگل کروم، موزیلا فائر فاکس اور سفاری۔

3- میڈیا پلیئرز: جیسے کہ وی ایل سی میڈیا پلیئر اور ونڈوز میڈیا پلیئر۔

6- سسٹم سافٹ ویئر اور ایپلی کیشن سافٹ ویئر میں کیا فرق ہے؟

جواب: ایپلی کیشن سافٹ ویئر: ایپلی کیشن سافٹ ویئر وہ پروگرام ہوتے ہیں جو صارفین کو مخصوص کام انجام دینے میں مدد دیتے ہیں۔ یہ سافٹ ویئر عام طور پر صارفین کی ضروریات کے مطابق تیار کیے جاتے ہیں۔ مثلاً

1- ورڈ پروسیسر: جیسے کہ مائیکروسافٹ ورڈ اور گوگل ڈاکس۔

2- ویب براؤزرز: جیسے کہ گوگل کروم، موزیلا فائر فاکس اور سفاری۔

سسٹم سافٹ ویئر: سسٹم سافٹ ویئر کمپیوٹر کے وسائل کو منظم کرتا ہے اور ایپلی کیشن سافٹ ویئر کو چلانے کے لیے پلیٹ فارم فراہم کرتا ہے۔ یہ ہارڈ ویئر اور صارف کے درمیان پل کا کام کرتا ہے۔

آپریٹنگ سسٹمز: جیسے کہ مائیکروسافٹ ونڈوز، میک او ایس، اور لینکس۔

## 5.2 سسٹم سافٹ ویئر کا تعارف

7- سسٹم سافٹ ویئر کی تعریف کریں۔

جواب: سسٹم سافٹ ویئر: یہ سافٹ ویئر کمپیوٹر کے ہارڈ ویئر اور صارف کے درمیان پل کا کام کرتا ہے۔ یہ کمپیوٹر کے تمام اجزا کو منظم کرتا ہے اور ایپلی کیشن سافٹ ویئر کو ایک مستحکم ماحول فراہم کرتا ہے۔

stepacademyofficial.com

https://stepacademyofficial.com/

8- آپریٹنگ سسٹم کا کیا کام ہے؟

جواب: آپریٹنگ سسٹم: آپریٹنگ سسٹم ایک خاص قسم کا سسٹم سافٹ ویئر ہے جو کمپیوٹر کے ہارڈ ویئر اور سافٹ ویئر کو منظم کرتا ہے۔ یہ کمپیوٹر کے مختلف پروگراموں اور صارفین کے درمیان ہم آہنگی قائم رکھتا ہے۔

9- ذاتی کمپیوٹرز کے لیے عام طور پر استعمال ہونے والے آپریٹنگ سسٹمز کے نام لکھیں۔

جواب: 1- ونڈوز: مائیکروسافٹ کا مقبول آپریٹنگ سسٹم۔

2- میک اوایس: ایپل کے میک کمپیوٹرز کے لیے بنایا گیا سسٹم۔

3- لینکس: ایک اوپن سورس آپریٹنگ سسٹم۔

4- اینڈرائیڈ: گوگل کا موبائل آپریٹنگ سسٹم۔

5- آئی او ایس: ایپل کے آئی فون اور آئی پیڈ کے لیے آپریٹنگ سسٹم۔

10- لینکس آپریٹنگ سسٹم کی تعریف کریں۔

جواب: لینکس: لینکس ایک اوپن سورس آپریٹنگ سسٹم ہے جو کمپیوٹر، سرورز اور دیگر آلات پر استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ مختلف ڈسٹری بیوشنز (Versions) میں دستیاب ہوتا ہے۔

11- آپریٹنگ سسٹم کا بنیادی کام کیا ہے؟

جواب: ہارڈ ویئر وسائل کا انتظام: آپریٹنگ سسٹم کمپیوٹر کے تمام ہارڈ ویئر وسائل، جیسے کہ CPU، میموری، ڈسک ڈرائیوز، اور دیگر آلات کو منظم کرتا ہے۔

مثال: اگر آپ ویب براؤزر اور میوزک پلیئر ایک ساتھ کھولیں، تو آپریٹنگ سسٹم CPU اور میموری کو اس طرح تقسیم کرے گا کہ دونوں ایپلی کیشنز بہتر طریقے سے کام کریں۔

12- صارف کے لیے دو اہم اقسام کے انٹرفیس کون سے ہیں؟

جواب: 1- گرافیکل یوزر انٹرفیس (GUI) 2- کمانڈ لائن انٹرفیس (CLI)

13- گرافیکل یوزر انٹرفیس (GUI) کیا ہے؟

جواب: GUI ایک ایسا انٹرفیس ہے جہاں صارف آئیکنز، ونڈوز، اور مینو کے ذریعے کمپیوٹر سے تعامل کر سکتا ہے۔

مثال: ونڈوز اور میک اوایس ایسے آپریٹنگ سسٹمز ہیں جو GUI استعمال کرتے ہیں۔

14- کمانڈ لائن انٹرفیس (CLI) کیا ہے اور اس کا مقصد کیا ہے؟

جواب: CLI: CLI میں صارف کو ٹیکسٹ کمانڈز کے ذریعے کمپیوٹر سے تعامل کرنا ہوتا ہے۔ یہ زیادہ طاقتور مگر سیکھنے کے لیے مشکل ہو سکتا ہے۔

مثال: لینکس اور ڈوس (DOS) CLI فراہم کرتے ہیں۔

15- آپریٹنگ سسٹم کی ایپلی کیشنز چلانے میں کیا ذمہ داریاں ہوتی ہیں؟

جواب: یہ ایپلی کیشنز کو میموری میں لوڈ کرتا ہے، وسائل مختص کرتا ہے، اور اُن کے کام کرنے کو یقینی بناتا ہے۔

16- ٹاسک مینیجر یا ایکٹیویٹی مانیٹر کا کیا کام ہے؟

جواب: یہ چلنے والی ایپلی کیشنز، CPU اور میموری کے استعمال کو مانیٹر کرتا ہے، تاکہ کمپیوٹر کی کارکردگی بہتر رہے۔

17- یوٹیلیٹی پروگرامز کا مقصد کیا ہے؟

جواب: یوٹیلیٹی پروگرامز وہ سافٹ ویئر ہوتے ہیں جو کمپیوٹر کے نظام کو بہتر بنانے میں مدد دیتے ہیں۔ یہ مختلف کام انجام دیتے ہیں تاکہ ہارڈ ویئر، سافٹ ویئر، اور ڈیٹا کا انتظام آسان ہو اور کمپیوٹر بہتر کام کرے۔

stepacademyofficial.com

18- کچھ عام یوٹیلیٹی پروگرامز اور ان کے کام کون سے ہیں؟

جواب: 1- ڈسک کلین اپ 2- اینٹی وائرس سافٹ ویئر 3- بیک اپ سافٹ ویئر
4- فائل کمپریشن ٹولز 5- ڈیوائس ڈرائیورز

19- ڈسک کلین اپ کا فنکشن اور اس کا حقیقی زندگی میں استعمال کیا ہے؟

جواب: فنکشن: ڈسک کلین اپ آپ کے کمپیوٹر میں غیر ضروری فائلز جیسے کہ عارضی فائلز اور کیشے فائلز کو تلاش کر کے انہیں حذف کرنے میں مدد دیتا ہے تاکہ ڈسک کی جگہ خالی ہو جائے۔

حقیقی زندگی کی مثال: اگر آپ کا کمپیوٹر سست ہو رہا ہے، تو ڈسک کلین اپ چلانے سے غیر ضروری فائلز حذف ہو جائیں گی اور کمپیوٹر کی کارکردگی بہتر ہو سکتی ہے۔

20- اینٹی وائرس سافٹ ویئر کا فنکشن اور اس کا حقیقی زندگی میں استعمال کیا ہے؟

جواب: فنکشن: اینٹی وائرس سافٹ ویئر کمپیوٹر میں وائرس اور میلویئر کو اسکین کرتا ہے اور ان سے تحفظ فراہم کرتا ہے۔ یہ حقیقی وقت میں نگرانی بھی کرتا ہے تاکہ کوئی نقصان دہ فائل کمپیوٹر میں داخل نہ ہو۔

حقیقی زندگی کی مثال: اگر آپ کو کسی نامعلوم بھیجنے والے کی طرف سے ای میل اٹیچمنٹ موصول ہو تو اسے کھولنے سے پہلے اینٹی وائرس سافٹ ویئر سے اسکین کروانا محفوظ رہنے کے لیے ضروری ہوتا ہے۔

21- بیک اپ سافٹ ویئر کا فنکشن اور اس کا حقیقی زندگی میں استعمال کیا ہے؟

جواب: فنکشن: بیک اپ سافٹ ویئر اہم فائلز اور فولڈرز کا بیک اپ بنا کر انہیں بیرونی ڈرائیوز، کلاؤڈ اسٹوریج، یا نیٹ ورک پر محفوظ کرتا ہے تاکہ ڈیٹا ضائع ہونے سے بچا جا سکے۔

حقیقی زندگی کی مثال: اگر آپ غلطی سے ایک ضروری پریزنٹیشن فائل ڈیلیٹ کر دیتے ہیں تو بیک اپ سافٹ ویئر کی مدد سے آپ اس کا محفوظ شدہ ورژن دوبارہ حاصل کر سکتے ہیں۔

22- فائل کمپریشن ٹولز حقیقی زندگی میں کیسے مددگار ثابت ہوتے ہیں؟

جواب: اگر آپ کو بڑی سائز کی ہائی ریزولوشن تصاویر ای میل کے ذریعے بھیجنی ہوں، تو فائل کمپریشن ٹول استعمال کر کے آپ فائل کا سائز کم کر سکتے ہیں، جس سے بھیجنا آسان ہو جائے گا۔

23- ڈیوائس ڈرائیورز کا کیا کردار ہے؟

جواب: ڈیوائس ڈرائیورز کمپیوٹر کے ہارڈ ویئر اور آپریٹنگ سسٹم کے درمیان رابطے کا کام انجام دیتے ہیں، تاکہ تمام ڈیوائسز صحیح طریقے سے کام کریں۔

24- ڈیوائس ڈرائیورز کو حقیقی زندگی میں کس مثال سے سمجھایا جا سکتا ہے؟

جواب: ٹی وی ریموٹ کنٹرول کی مثال:

i- ٹی وی (ڈیوائس): چینل بدلتا ہے، آواز کم یا زیادہ کرتا ہے، لیکن اسے ہدایات کی ضرورت ہوتی ہے۔

ii- ریموٹ کنٹرول (ڈرائیور): یہ ٹی وی کو صحیح سگنلز بھیجتا ہے تاکہ وہ کام کرے۔

iii- آپ (کمپیوٹر): آپ جو کچھ کرنا چاہتے ہیں، وہ ریموٹ کے ذریعے ٹی وی کو بتاتے ہیں۔

25- ڈیوائس ڈرائیورز کیسے کام کرتے ہیں؟

جواب: 1- انسٹالیشن: جب آپ کوئی نیا ڈیوائس کمپیوٹر سے جوڑتے ہیں، تو اس کا ڈرائیور انسٹال کرنا پڑتا ہے۔

2- رابطہ کاری: ڈرائیور کمپیوٹر کی ہدایات کو ڈیوائس کے لیے قابلِ فہم زبان میں تبدیل کرتا ہے۔

3- عمل درآمد: انسٹالیشن کے بعد، ڈیوائس اور کمپیوٹر آسانی سے ایک ساتھ کام کرتے ہیں۔

stepacademyofficial.com

https://stepacademyofficial.com/

## 5.3 ایپلی کیشن سافٹ ویئر

-26 ایپلی کیشن سافٹ ویئر کیا ہوتا ہے؟

جواب: ایپلی کیشن سافٹ ویئر وہ پروگرام ہوتے ہیں جو صارفین کو مخصوص کام انجام دینے میں مدد دیتے ہیں، جیسے کہ لکھنا، حساب کتاب کرنا، یا گرافکس بنانا۔ یہ سافٹ ویئر کمپیوٹر کو زیادہ مفید اور کارآمد بناتے ہیں۔

-27 کچھ عام ایپلی کیشن سافٹ ویئر کے نام بتائیں۔

جواب: 1- ورڈ پروسیسنگ سافٹ ویئر 2- اسپریڈشیٹ سافٹ ویئر 3- گرافک ڈیزائن سافٹ ویئر

-28 ورڈ پروسیسنگ سافٹ ویئر کیا ہوتا ہے؟

جواب: ورڈ پروسیسنگ سافٹ ویئر ایک ایسا ایپلی کیشن سافٹ ویئر ہے جو دستاویزات بنانے، ترمیم کرنے، فارمیٹ کرنے، اور پرنٹ کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ اس کی مدد سے خط، رپورٹس، مضامین، اور دیگر متن پر مبنی دستاویزات بنائی جاسکتی ہیں۔

-29 ورڈ پروسیسنگ سافٹ ویئر کے فوائد کیا ہیں؟

جواب: یہ سافٹ ویئر صارفین کو ٹیکسٹ فارمیٹنگ، اسپیل چیک، تصاویر اور ٹیبلز شامل کرنے جیسی سہولیات فراہم کرتا ہے تاکہ پیشہ ورانہ معیار کی دستاویزات بنائی جاسکیں۔

-30 چار مشہور ورڈ پروسیسنگ سافٹ ویئر کون سے ہیں؟

جواب: 1- مائیکروسافٹ ورڈ: ونڈوز اور میک کے لیے دستیاب، اس میں اسپیل چیک، گرامر چیک، اور چارٹس شامل کرنے کی سہولت موجود ہے۔

2- گوگل ڈاکس: ویب بیسڈ سافٹ ویئر جو آن لائن دستاویزات بنانے اور شیئر کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

3- ایپل پیجز: میک اور آئی او ایس کے لیے دستیاب، جو خوبصورت دستاویزات بنانے میں مدد دیتا ہے۔

4- لیبر آفس رائٹر: ونڈوز، میک، اور لینکس کے لیے ایک فری اور اوپن سورس ورڈ پروسیسر۔

یہ تمام سافٹ ویئر صارفین کو مختلف مقاصد کے لیے دستاویزات بنانے اور ترمیم کرنے میں مدد دیتے ہیں۔

-31 اسپریڈشیٹ سافٹ ویئر کیا ہے؟

جواب: اسپریڈشیٹ سافٹ ویئر ایک قسم کا ایپلی کیشن سافٹ ویئر ہے جو ڈیٹا کو منظم کرنے، تجزیہ کرنے اور محفوظ کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ یہ قطاروں اور ستونوں کی شکل میں ایک گرڈ پر مشتمل ہوتا ہے، جہاں صارفین ڈیٹا داخل کر سکتے ہیں، حساب کتاب کر سکتے ہیں اور چارٹ بنا سکتے ہیں۔ یہ سافٹ ویئر بجٹ بنانے، مالی تجزیہ، ڈیٹا مینجمنٹ اور شماریاتی تجزیے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

-32 اسپریڈشیٹ سافٹ ویئر کی اہم خصوصیات کیا ہیں؟

جواب: اسپریڈشیٹ سافٹ ویئر کی درج ذیل خصوصیات ہیں:

☆ ڈیٹا کو قطاروں اور ستونوں میں ترتیب دینا

☆ حساب کتاب اور فارمولے لگانے کی سہولت

☆ چارٹ اور گراف بنانے کی صلاحیت

☆ مالیاتی اور شماریاتی تجزیہ کرنے کے لیے مددگار

-33 اسپریڈشیٹ سافٹ ویئر کی چند مثالیں دیں۔

جواب: i- مائیکروسافٹ ایکسل: ونڈوز اور میک پر دستیاب، جس میں پیچیدہ فارمولے، پیوٹ ٹیبلز اور چارٹ بنانے کی سہولت موجود ہے۔

ii- گوگل شیٹس: ویب بیسڈ اسپریڈشیٹ جو انٹرنیٹ کے ذریعے کسی بھی سسٹم پر چلائی جاسکتی ہے، اور ایک ساتھ کئی افراد مل کر اس میں کام کر سکتے ہیں۔

iii- ایپل نمبرز: میک اور آئی او ایس پر دستیاب، جس میں خوبصورت چارٹس اور ٹیمپلیٹس موجود ہوتے ہیں۔

iv- لائبر آفس کیلک: ونڈوز، میک اور لینکس پر چلنے والا ایک مفت اور اوپن سورس اسپریڈشیٹ سافٹ ویئر۔

stepacademyofficial.com

-34 گرافک ڈیزائن سافٹ ویئر کیا ہے؟

جواب: گرافک ڈیزائن سافٹ ویئر ایک ایپلی کیشن سافٹ ویئر ہے جو تصاویر، ڈرائنگز اور گرافکس بنانے اور ترمیم کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔
یہ سافٹ ویئر ڈیزائنرز، آرٹسٹ اور میڈیا یا انڈسٹری میں کام کرنے والے افراد کے لیے بہت اہم ہوتا ہے۔

-35 گرافک ڈیزائن سافٹ ویئر کی چند مثالیں دیں۔

جواب: 1- **ایڈوب فوٹوشاپ(Adobe Photoshop)**: ونڈوز اور میک پر دستیاب، یہ تصاویر کی ایڈیٹنگ اور ڈیجیٹل پینٹنگ کے لیے مشہور ہے۔

-2 **ایڈوب السٹریٹر(Adobe Illustrator)**: ونڈوز اور میک پر دستیاب، جو لوگوز، السٹریشنز اور ویکٹر گرافکس بنانے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

-3 **کورل ڈرا(CorelDRAW)**: ونڈوز اور میک پر دستیاب، جو پروفیشنل گرافکس اور لے آؤٹ ڈیزائن کے لیے مشہور ہے۔

-4 **جمپ(GIMP-GNU Image Manipulation Program)**: ونڈوز، میک اور لینکس پر دستیاب ایک مفت اور اوپن سورس سافٹ ویئر، جو فوٹوشاپ جیسی خصوصیات فراہم کرتا ہے۔

-5 **کینوا(Canva)**: ایک ویب بیسڈ گرافک ڈیزائن ٹول جو آسان ٹیمپلیٹس اور ڈیزائن عناصر فراہم کرتا ہے، اور ابتدائی و پیشہ ور افراد دونوں کے لیے بہترین ہے۔

## مختصر جوابی کنسیپچوئل (Conceptual) سوالات

☆ **مختصر جواب دیں۔**

-1 **سسٹم سافٹ ویئر اور ایپلی کیشن سافٹ ویئر کی تنصیب میں کیا فرق ہے؟**

جواب: **مقصد:** سسٹم سافٹ ویئر کمپیوٹر ہارڈ ویئر کو چلانے اور ایپلی کیشن سافٹ ویئر کو کام کرنے میں مدد دیتا ہے، جبکہ ایپلی کیشن سافٹ ویئر صارف کو مخصوص کام انجام دینے میں مدد دیتا ہے۔

**مثالیں:** سسٹم سافٹ ویئر میں آپریٹنگ سسٹمز اور ڈیوائس ڈرائیورز شامل ہوتے ہیں۔ ایپلی کیشن سافٹ ویئر میں ورڈ پروسیسر، ویب براؤزر اور گیمز شامل ہوتے ہیں۔

**تنصیب:** سسٹم سافٹ ویئر عام طور پر پہلے سے انسٹال شدہ ہوتا ہے، جبکہ ایپلی کیشن سافٹ ویئر کو صارف اپنی ضرورت کے مطابق انسٹال کرتا ہے۔

-2 **آپریٹنگ سسٹم کس طرح یقینی بناتا ہے کہ ہر ایپلی کیشن کو ضروری وسائل ملیں؟**

جواب: آپریٹنگ سسٹم وسائل کے مؤثر انتظام کے ذریعے ہر ایپلی کیشن کو ضروری وسائل فراہم کرتا ہے۔ یہ پروسیس شیڈولنگ کے ذریعے CPU وقت کو منظم کرتا ہے تاکہ تمام ایپلی کیشنز بہتر طریقے سے چل سکیں۔

-3 **آپریٹنگ سسٹم کیسے یقینی بناتا ہے کہ ایک سے زیادہ ایپلی کیشنز ایک ساتھ چل سکیں؟**

جواب: آپریٹنگ سسٹم CPU وقت اور میموری جیسے وسائل کو منظم طریقے سے تقسیم کرتا ہے تاکہ تمام ایپلی کیشنز بغیر کسی رکاوٹ کے چل سکیں اور سسٹم کی کارکردگی متاثر نہ ہو۔

-4 **آپریٹنگ سسٹم کو باقاعدگی سے اپڈیٹ کرنا اور دیکھ بھال کیوں ضروری ہے؟**

جواب: آپریٹنگ سسٹم کو اپڈیٹ کرنے اور باقاعدہ دیکھ بھال (جیسے ڈسک کلین اپ اور وائرس اسکین) سے کمپیوٹر کی کارکردگی، سیکیورٹی اور استحکام بہتر ہوتا ہے۔

-5 **فائل کمپریشن ٹول کیا کام کرتا ہے؟**

جواب: فائل کمپریشن ٹول فائل کا سائز کم کرتا ہے تاکہ اسٹوریج اسپیس بچ سکے اور فائل کو تیزی سے ٹرانسفر کیا جا سکے۔

-6 **ڈیوائس ڈرائیور کس طرح کام کرتا ہے؟**

جواب: ڈیوائس ڈرائیور کو ٹی وی ریموٹ کنٹرول کی طرح سمجھا جا سکتا ہے:

stepacademyofficial.com
https://stepacademyofficial.com/

1- ٹی وی (ڈیوائس): چینلز تبدیل کرتا ہے، والیوم ایڈجسٹ کرتا ہے، لیکن اسے ہدایات درکار ہوتی ہیں۔
2- ریموٹ کنٹرول (ڈرائیور): صحیح سگنلز بھیج کر ٹی وی کو ہدایات دیتا ہے۔
3- آپ (کمپیوٹر): فیصلہ کرتے ہیں کہ کیا دیکھنا ہے اور ریموٹ کنٹرول کے ذریعے ٹی وی کو حکم دیتے ہیں۔

**7- ایپلی کیشن سافٹ ویئر آپریٹنگ سسٹم اور ہارڈ ویئر کی صلاحیتوں کو کیسے استعمال کرتا ہے؟**

**جواب:** ایپلی کیشن سافٹ ویئر ایسے پروگرام ہوتے ہیں جو صارفین کو مخصوص کام انجام دینے میں مدد دیتے ہیں، جیسے تعلیمی، تخلیقی اور تفریحی کام۔ یہ سافٹ ویئر آپریٹنگ سسٹم اور ہارڈ ویئر کی خصوصیات کو استعمال کر کے صارف کی ضروریات پوری کرتا ہے۔

**8- ورڈ پروسیسر اور اسپریڈ شیٹ میں AI پر مبنی کون سے ٹولز استعمال ہوتے ہیں؟**

**جواب:** **ورڈ پروسیسر:** Grammarly اور Microsoft Editor جیسے AI ٹولز گرامر، انداز اور لہجے کو بہتر بنانے میں مدد دیتے ہیں۔

**اسپریڈ شیٹ:** Microsoft Excel's Ideas اور Google Sheet's Explore جیسے AI ٹولز ڈیٹا کا تجزیہ، فارمولے تجویز کرنے اور خودکار چارٹس بنانے میں مدد دیتے ہیں۔

**9- Canva صارفین کو کیا فراہم کرتا ہے؟**

**جواب:** Canva ایک ویب بیسڈ گرافک ڈیزائن ٹول ہے جو انٹرنیٹ کے ذریعے کسی بھی آپریٹنگ سسٹم پر استعمال کیا جا سکتا ہے۔ یہ آسان انٹرفیس، مختلف ٹیمپلیٹس اور ڈیزائن عناصر فراہم کرتا ہے، جو ابتدائی اور پیشہ ور افراد دونوں کے لیے موزوں ہے۔

**10- ایڈوب فوٹو شاپ (Adobe Photoshop) کس چیز کے لیے مشہور ہے؟**

**جواب:** ایڈوب فوٹو شاپ (Adobe Photoshop) ایک مشہور گرافک ڈیزائن اور فوٹو ایڈیٹنگ سافٹ ویئر ہے جو Windows اور macOS پر دستیاب ہے۔ یہ فوٹو ایڈیٹنگ، ڈیجیٹل پینٹنگ اور گرافک ڈیزائن کے لیے بہترین ٹولز فراہم کرتا ہے۔

## خلاصہ

- سافٹ ویئر سسٹم میں وہ تمام پروگرام اور ایپلی کیشنز شامل ہیں جو ہمیں کمپیوٹر پر مخصوص کاموں کو انجام دینے کے قابل بناتے ہیں۔
- ایک سسٹم سافٹ ویئر کا بنیادی مقصد ہارڈ ویئر کے وسائل کا انتظام کرنا اور ایپلی کیشنز کو آسانی سے چلانے کے لیے ایک پلیٹ فارم مہیا کرنا ہے۔
- سسٹم سافٹ ویئر ہارڈ ویئر اور بنیادی سسٹم آپریشنز کا انتظام کرتا ہے، جبکہ ایپلی کیشن سافٹ ویئر صارفین کو مخصوص کاموں کو انجام دینے میں مدد کرتا ہے۔
- سسٹم سافٹ ویئر کے اہم افعال میں ہارڈ ویئر کے وسائل کا انتظام کرنا، صارف انٹرفیس فراہم کرنا، اور ایپلی کیشنز چلانا شامل ہے۔
- یوٹیلیٹی سافٹ ویئر سسٹم کارکردگی کو بڑھاتا ہے اور سیکیورٹی اور دیکھ بھال کو یقینی بناتا ہے، اور ڈیوائس ڈرائیورز، جو ہارڈ ویئر ڈیوائسز اور آپریٹنگ سسٹم کے مابین رابطہ کرنے کی سہولت فراہم کرتے ہیں۔
- کاروبار میں، ایپلی کیشن سافٹ ویئر آپریشنز کو بہتر کرتا ہے، پیداواری صلاحیت کو بہتر بناتا ہے اور روابط کو بڑھاتا ہے۔
- تعلیم میں ایپلی کیشن سافٹ ویئر سیکھنے کے تجربے کو بڑھاتا ہے، انتظامی کارکردگی کو بہتر بناتا ہے اور اساتذہ، طلبہ اور والدین کے مابین مواصلات کی سہولت فراہم کرتا ہے۔

## حل مشقی سوالات

**1- درست جواب کا انتخاب کریں:**

**(i) آپریٹنگ سسٹم کا بنیادی مقصد کیا ہے؟**

(الف) دستاویزات بنانا
(ب) ہارڈ ویئر کے وسائل کا انتظام اور صارف کو انٹرفیس فراہم کرنا
(ج) حساب کتاب کرنا
(د) گرافکس ڈیزائن کرنا

stepacademyofficial.com

(ii) کون سا سافٹ ویئر سسٹم کی کارکردگی اور سیکیورٹی بہتر بنانے کے لیے استعمال ہوتا ہے؟
(الف) آپریٹنگ سسٹم (ب) یوٹیلیٹی سافٹ ویئر (ج) ایپلی کیشن سافٹ ویئر (د) ڈیوائس ڈرائیورز

(iii) ڈیوائس ڈرائیورز کمپیوٹر سسٹم میں کیا کردار ادا کرتے ہیں؟
(الف) فائلوں کا انتظام (ب) ہارڈ ویئر ڈیوائسز اور آپریٹنگ سسٹم کے درمیان مواصلت کو آسان بنانا
(ج) پریزنٹیشن تیار کرنا (د) گرافکس کی کارکردگی کو بڑھانا

(iv) مندرجہ ذیل میں سے کون سا ایپلی کیشن سافٹ ویئر کی مثال ہے؟
(الف) مائیکروسافٹ ورڈ (ب) بی آئی او ایس (ج) ڈسک کلین اپ (د) ڈیوائس مینیجر

(v) اسپریڈ شیٹ سافٹ ویئر کا بنیادی مقصد کیا ہے؟
(الف) ٹیکسٹ ڈاکیومنٹس کو ایڈٹ کرنا (ب) ڈیٹا کو منظم کرنا اور تجزیہ کرنا
(ج) بصری مواد تخلیق کرنا (د) سسٹم کی سیکیورٹی کو بہتر بنانا

(vi) یوٹیلیٹی سافٹ ویئر اور ایپلی کیشن سافٹ ویئر سے کس طرح مختلف ہے؟
(الف) یوٹیلیٹی سافٹ ویئر ہارڈ ویئر کا انتظام کرتا ہے، جبکہ ایپلی کیشن سافٹ ویئر صارفین کے لیے مخصوص کام انجام دیتا ہے۔
(ب) یوٹیلیٹی سافٹ ویئر دستاویزات تخلیق کرتا ہے، جبکہ ایپلی کیشن سافٹ ویئر ہارڈ ویئر کا انتظام کرتا ہے۔
(ج) یوٹیلیٹی سافٹ ویئر صارفین کے لیے مخصوص کام انجام دیتا ہے، جبکہ ایپلی کیشن سافٹ ویئر ہارڈ ویئر کا انتظام کرتا ہے۔
(د) یوٹیلیٹی سافٹ ویئر مفت ہوتا ہے، جبکہ ایپلی کیشن سافٹ ویئر قیمت دار ہے۔

(vii) لوگو ڈیزائن کرنے کے لیے آپ کس قسم کے سافٹ ویئر کا استعمال کریں گے؟
(الف) آپریٹنگ سسٹم (ب) اسپریڈ شیٹ سافٹ ویئر
(ج) گرافک ڈیزائن سافٹ ویئر (د) یوٹیلیٹی سافٹ ویئر

(viii) سسٹم سافٹ ویئر کا کام کیا ہے؟
(الف) ہارڈ ویئر اور سافٹ ویئر کے درمیان مواصلت کو آسان بنانا
(ب) صارف کے لیے مخصوص کام انجام دینا
(ج) بصری مواد تخلیق کرنا (د) ڈیٹا کو منظم کرنا اور تجزیہ کرنا

(ix) آپریٹنگ سسٹم کی اپ ڈیٹس کیوں اہم ہیں؟
(الف) یہ اسکرین کی چمک بڑھاتے ہیں (ب) یہ مزید فونٹس شامل کرتے ہیں
(ج) یہ سیکیورٹی کو بہتر بناتے ہیں اور خرابیوں کو ٹھیک کرتے ہیں
(د) یہ بیٹری کی زندگی کو بہتر بناتے ہیں

(x) آپ ورڈ پروسیسنگ سافٹ ویئر کا استعمال کرتے ہوئے کون سا عام کام کر سکتے ہیں؟
(الف) ٹیکسٹ دستاویزات بنانا اور ایڈٹ کرنا (ب) ہارڈ ویئر کے وسائل کا انتظام
(ج) سسٹم کی کارکردگی کو بڑھانا (د) ڈیٹا کو منظم کرنا اور تجزیہ کرنا

**جوابات**

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (i) (ب) | (ii) (الف) | (iii) (ب) | (iv) (الف) | (v) (ب) | (vi) (ج) | (vii) (ج) | (viii) (الف) | (ix) (ج) | (x) (الف) |

stepacademyofficial.com
https://stepacademyofficial.com/

2۔ مختصر سوالات:

(i) سسٹم سافٹ ویئر کی وضاحت کریں اور دو مثالیں فراہم کریں۔

**جواب:** سسٹم سافٹ ویئر ایسا سافٹ ویئر ہوتا ہے جو کمپیوٹر کے وسائل کو منظم کرتا ہے اور ایپلی کیشن سافٹ ویئر کو چلانے کے لیے ایک پلیٹ فارم فراہم کرتا ہے۔ یہ ہارڈ ویئر اور صارف کے درمیان پل کا کام کرتا ہے۔

**مثالیں:**

1- آپریٹنگ سسٹم: جیسے کہ مائیکروسافٹ ونڈوز، میک او ایس، اور لینکس۔

2- ڈیوائس ڈرائیورز: جیسے کہ پرنٹر ڈرائیور، گرافکس کارڈ ڈرائیور، اور ساؤنڈ کارڈ ڈرائیور۔

(ii) آپریٹنگ سسٹم کے بنیادی افعال کی وضاحت کریں۔

**جواب:** آپریٹنگ سسٹم کمپیوٹر کے ہارڈ ویئر وسائل کو منظم کرتا ہے، جیسے کہ سی پی یو، میموری، ڈسک ڈرائیو، اور دیگر آلات (پرنٹر، کی بورڈ وغیرہ)۔ یہ یقینی بناتا ہے کہ تمام ایپلی کیشنز مؤثر طریقے سے کام کریں۔

**مثال:** جب آپ کمپیوٹر پر ویب براؤزر چلاتے ہیں اور ساتھ میں میوزک سنتے ہیں تو آپریٹنگ سسٹم سی پی یو اور میموری کو اس طرح تقسیم کرتا ہے کہ دونوں ایپلی کیشنز ایک ساتھ صحیح طریقے سے چلیں۔

(iii) یوٹیلیٹی سافٹ ویئر کیا ہے اور یہ کیوں اہم ہے؟

**جواب:** یوٹیلیٹی سافٹ ویئر سسٹم سافٹ ویئر کا ایک اہم حصہ ہے جو کمپیوٹر کی کارکردگی کو بہتر بنانے اور اس کی حفاظت کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ یہ ہارڈ ویئر، سافٹ ویئر اور ڈیٹا کو مؤثر طریقے سے منظم کرتا ہے۔

**مثالیں:** اینٹی وائرس سافٹ ویئر، ڈسک کلین اپ، اور بیک اپ سافٹ ویئر۔

(iv) کمپیوٹر سسٹم میں ڈیوائس ڈرائیوروں کے کردار کی وضاحت کریں۔

**جواب:** ڈیوائس ڈرائیورز کمپیوٹر کے ہارڈ ویئر اور آپریٹنگ سسٹم کے درمیان رابطے کا کام کرتے ہیں تا کہ آلات صحیح طریقے سے کام کر سکیں۔

**مثال:** اگر آپ کمپیوٹر پر نیا پرنٹر لگاتے ہیں تو پرنٹر کا ڈرائیور انسٹال کرنا ضروری ہوتا ہے تا کہ کمپیوٹر اور پرنٹر ایک دوسرے کو سمجھ سکیں۔

(v) مثالوں کے ساتھ سسٹم سافٹ ویئر اور ایپلی کیشن سافٹ ویئر کے درمیان فرق کریں۔

**جواب:** **سسٹم سافٹ ویئر:** یہ کمپیوٹر کے بنیادی افعال کو کنٹرول کرتا ہے اور ایپلی کیشن سافٹ ویئر کے لیے پلیٹ فارم فراہم کرتا ہے۔

**مثالیں:** آپریٹنگ سسٹم (ونڈوز، میک او ایس)، ڈیوائس ڈرائیورز، یوٹیلیٹی پروگرامز۔

**ایپلی کیشن سافٹ ویئر:** یہ صارف کے مخصوص کاموں کو انجام دینے کے لیے بنایا جاتا ہے۔

**مثالیں:** ورڈ پروسیسر (مائیکروسافٹ ورڈ)، ویب براؤزر (گوگل کروم)، میڈیا پلیئر (وی ایل سی میڈیا پلیئر)۔

(vi) اسپریڈ شیٹ سافٹ ویئر کے اہم افعال کیا ہیں؟

**جواب:** اسپریڈ شیٹ سافٹ ویئر ڈیٹا کو ٹیبل کی شکل میں ترتیب دینے، تجزیہ کرنے اور ذخیرہ کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

**اہم کام:** ☆ حساب کتاب کرنا ☆ چارٹس بنانا ☆ ڈیٹا کا تجزیہ کرنا

**مثال:** مائیکروسافٹ ایکسل، گوگل شیٹس

(vii) گرافک ڈیزائن سافٹ ویئر کو تعلیم کے میدان میں کس طرح استعمال کیا جاسکتا ہے؟

**جواب:** گرافک ڈیزائن سافٹ ویئر طلبہ اور اساتذہ کے لیے فائدہ مند ثابت ہوتا ہے کیونکہ:

1- دلچسپ تعلیمی مواد تیار کرنا: اساتذہ خوبصورت پریزنٹیشنز اور ہینڈ آؤٹس بنا سکتے ہیں۔

stepacademyofficial.com

2- طلبہ کی تخلیقی صلاحیتوں کو بڑھانا: طلبہ اپنے تعلیمی منصوبے اور آرٹ ورک ڈیزائن کر سکتے ہیں۔

3- انٹرایکٹو لرننگ: انفوگرافکس، اینیمیشنز، اور ویڈیوز کے ذریعے سیکھنے کا عمل دلچسپ بنایا جا سکتا ہے۔

(viii) ڈیٹا بیک اپ کی کیا اہمیت ہے اور انھیں کس طرح انجام دیا جا سکتا ہے؟

جواب: ڈیٹا بیک اپ کی اہمیت اور اس کو کرنے کے طریقے:

ڈیٹا بیک اپ انتہائی ضروری ہے تاکہ کسی بھی غلطی یا خرابی کی صورت میں اہم فائلیں ضائع نہ ہوں۔

طریقے: بیرونی ڈرائیوز پر بیک اپ

کلاؤڈ اسٹوریج (جیسے گوگل ڈرائیو، ون ڈرائیو)

خودکار بیک اپ سافٹ ویئر کا استعمال

مثال: اگر آپ غلطی سے کوئی اہم فائل ڈیلیٹ کر دیتے ہیں تو بیک اپ سافٹ ویئر سے آپ اسے دوبارہ حاصل کر سکتے ہیں۔

بیک اپ سافٹ ویئر:

فنکشن: بیک اپ سافٹ ویئر فائلوں اور فولڈرز کے باقاعدہ بیک اپ کو بیرونی ڈرائیوز، کلاؤڈ اسٹوریج، یا نیٹ ورک لوکیشنز پر محفوظ کرتا ہے۔ یہ مکمل سسٹم کا بیک اپ لینے یا مخصوص فائلوں کا انتخابی بیک اپ لینے کی سہولت فراہم کرتا ہے۔

حقیقی زندگی کی مثال: اگر آپ غلطی سے ایک اہم پریزنٹیشن فائل ڈیلیٹ کر دیتے ہیں، تو بیک اپ سافٹ ویئر کی مدد سے آپ فائل کا تازہ ترین بیک اپ حاصل کر سکتے ہیں، جس سے آپ کے کام میں کسی بڑی رکاوٹ کا سامنا نہیں ہوتا۔

3۔ تفصیلی سوالات:

(i) کمپیوٹنگ سسٹم میں سسٹم سافٹ ویئر کی اہمیت پر تبادلۂ خیال کریں۔

جواب: جواب کے لیے دیکھیے سوال نمبر 2

(ii) آپریٹنگ سسٹم، یوٹیلٹی سافٹ ویئر، اور ڈیوائس ڈرائیوروں کے کردار کی وضاحت کریں، ہر ایک کی مثالیں فراہم کریں۔

جواب: جواب کے لیے دیکھیے سوال نمبر 3,4

(iii) سسٹم سافٹ ویئر اور ایپلی کیشن سافٹ ویئر کے درمیان فرق کی وضاحت کریں۔

جواب: جواب کے لیے دیکھیے سوال نمبر 1

(iv) سسٹم کی کارکردگی کو بہتر بنانے اور سیکیورٹی برقرار رکھنے کے لیے یوٹیلیٹی سافٹ ویئر استعمال کرنے کے عمل کی وضاحت کریں۔ تفصیلی اقدامات اور عام افادیت کے ٹولز کی مثالیں فراہم کریں۔

جواب: جواب کے لیے دیکھیے سوال نمبر 3

(v) ہارڈ ویئر اجزا کے لیے ڈیوائس ڈرائیوروں کو انسٹال کرنے، اپ ڈیٹ کرنے اور مسائل کا ازالہ کرنے کا طریقہ بتائیں۔

جواب: جواب کے لیے دیکھیے سوال نمبر 4

(vi) عام طور پر استعمال ہونے والی ایپلی کیشن سافٹ ویئر کے اہم افعال پر تبادلۂ خیال کریں، جیسے ورڈ پروسیسنگ، سپریڈ شیٹ، پریزنٹیشن، اور گرافک ڈیزائن ایپلی کیشنز۔

جواب: جواب کے لیے دیکھیے سوال نمبر 5

stepacademyofficial.com

https://stepacademyofficial.com/